★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعرات 10 ذیقعد 1446ھ، 8 مئی 2025ء 25 بیساکھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 181

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

بھارت نے پاکستانی قوم کو للکارا، اسکی غلط فہمی دور کر دیں گے، ترجمان پاک فوج

بھارتی جارحیت کا جواب کب اور کیسے دینا ہے اس کے لیے وقت اور جگہ کا تعین ہم خود کریں گے، ہمارا دشمن بزدل اور کم ظرف ہے، بھارتی طیاروں کو تب گرایا گیا جب انہوں نے پاکستان پر حملہ کیا: ڈی جی آئی ایس پی آر

بھارت نے تنگ نظری کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان میں مساجد کو نشانہ بنایا، پاک فوج نے بھارت کے 5 طیاروں کو گرایا جن میں 3 رافیل، ایک مگ 29 اور ایک سخوئی طیارہ شامل ہے جبکہ 7 ڈرونز بھی مار گرائے



راولپنڈی، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف پریس کانفرنس کرتے ہوئے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بھارت نے پاکستانی قوم کو للکارا لیکن اس کی غلط فہمی کو دور کر دیں گے۔ بھارتی حملے کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارتی جارحیت کا جواب کب اور کیسے دینا ہے اس کے لیے وقت اور جگہ کا تعین ہم خود کریں گے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ ہمارا دشمن بزدل اور کم ظرف ہے، بھارتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی بھارت کے جانب سے پاکستان پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بھارت کے جانب سے پاکستان پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی بھارتی بزدلانہ حملے کی شدید مذمت

مئی میں دشمن نے حملہ کیا، 28 مئی 1998 کی طرح منہ توڑ جواب دیں گے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بھارتی بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مئی میں دشمن نے حملہ کیا، 28 مئی 1998 کی طرح منہ توڑ جواب دیں گے۔ اپنے بیان میں مریم نواز نے کہا کہ پوری قوم متحد ہو کر دشمن کا مقابلہ کرے گی۔ شہباز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

بھارت کا غیر ذمہ دارانہ اقدام دو ایٹمی طاقتوں کو بڑی جنگ کے دہانے پر لے آیا ہے، ترجمان دفتر

پاکستانی قوم، حکومت اور مسلح افواج بھارتی جارحیت کے خلاف متحد ہیں، پاکستان ہر قیمت پر اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا دفاع کرے گا، بیان

بھارتی جارحیت سے فضائی حدود میں تجارتی پروازوں کو شدید خطرہ لاحق ہوا، بھارتی حملہ اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے بھارتی میزائل حملوں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کا غیر ذمہ دارانہ اقدام دو ایٹمی طاقتوں کو بڑی جنگ کے دہانے پر لے آیا ہے۔ ترجمان ترجمان نے بتایا کہ مریدکے، بہاولپور، کوٹلی اور مظفر آباد میں شہری آبادی کو نشانہ بنایا گیا، بھارتی حملے میں خواتین اور بچوں سمیت کئی معصوم شہری شہید ہوئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

بھارت نے جن مقامات کو نشانہ بنایا گیا وہاں کسی قسم کے دہشت گردی کے کیمپ نہیں تھے، وزیر اطلاعات

ہمیں خدشہ تھا کہ بھارت جارحیت کرے گا، بھارت نے پاکستان کے پانچ مختلف مقامات پر بلا اشتعال حملہ کیا جس کے نتیجے میں خواتین اور بچے شہید ہوئے: انٹرویو

غیر ملکی اور مقامی صحافیوں کو دو روز قبل لائن آف کنٹرول کے قریب ان تمام علاقوں کا دورہ کرایا گیا جن کے بارے میں بھارت نے جھوٹا دعویٰ کیا کہ وہاں دہشت گردوں کے کیمپ موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ہمیں خدشہ تھا کہ بھارت جارحیت کرے گا، بھارت نے عام شہریوں کو نشانہ بنایا، جن مقامات کو نشانہ بنایا گیا وہاں دہشت گردی کے کیمپ نہیں تھے۔ وہ بین الاقوامی نشریاتی اداروں بی بی سی، سکائی نیوز اور ٹی آر ٹی ورلڈ سے گفتگو کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ بھارت نے پاکستان کے پانچ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دے گا، صدر مملکت

آصف علی زرداری کی بھارتی جارحیت کی شدید مذمت، پاکستان کا بھرپور جواب دینے کا عزم

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بھارت کی جانب سے پاکستان کے خلاف جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان بھارتی اشتعال انگیزی کا بھرپور اور منہ توڑ جواب دے گا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت نے بلا اشتعال شہری آبادی کو نشانہ بنا کر نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے، بلکہ اقوام متحدہ کے چارٹر اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

پاک فوج کو مکمل جوابی کارروائی کا اختیار دیا گیا

رات کی تاریکی میں بھارتی حملوں کے حوالے سے قومی سلامتی کمیٹی کا ہنگامی اجلاس ہوا جس میں پاکستان کا بھرپور دفاع، جوابی کارروائی کا حق محفوظ رکھنے کا اعلان کیا گیا اور بھارتی جارحیت پر پاک فوج کو جواب دینے کا اختیار دے دیا گیا

اجلاس میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر سمیت سروسز، چیفس، وفاقی وزرا اور انٹیلی جنس اداروں کے سربراہان نے شرکت کی، اجلاس میں شہید ہونے والے معصوم شہریوں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی: ذرائع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) رات کی تاریکی میں بھارتی حملوں کے حوالے سے قومی سلامتی کمیٹی کا ہنگامی اجلاس ہوا جس میں پاکستان کا بھرپور دفاع، جوابی کارروائی کا حق محفوظ رکھنے کا اعلان کیا گیا اور بھارتی جارحیت پر پاک فوج کو جواب دینے کا اختیار دے دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

امریکی صدر ٹرمپ نے پاکستان پر بھارتی حملے کو شرمناک قرار دیدیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت کی جانب سے پاکستان پر حملے پر ردعمل دیتے ہوئے اسے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

مکار دشمن نے پاکستان کے پانچ مقامات پر بزدلانہ حملہ کیا ہے، وزیر اعظم

قوم اور افواج دشمن سے نبٹنا بخوبی جانتے ہیں، دشمن کو مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مکار دشمن نے پاکستان کے پانچ مقامات پر بزدلانہ حملہ کیا ہے، پاکستان بھارت کی مسلط کردہ اس جنگی عمل کا بھرپور جواب دینے کا پورا حق رکھتا ہے اور بھرپور جواب دیا جا رہا ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ پوری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



اسلام آباد: چین کے سفیر نائب وزیر اعظم سینیٹر اسحاق ڈار سے ملاقات کر رہے ہیں



مریدکے: بھارت کے بزدلانہ حملے میں شہید ہونے والے شہریوں کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

پاکستان اور بھارت ذمہ دارانہ حل کیلئے کام کریں، امریکا

یہ ایک سنجیدہ اور ڈائنامک ایشو ہے، صورتحال مسلسل بدل رہی ہے، واضح طور پر ہم اب بھی اسے انتہائی قریب سے مانیٹر کر رہے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے بھارت اور پاکستان کے درمیان صورتحال کو انتہائی سنجیدہ اور پیچیدہ قرار دیتے ہوئے ایک بار پھر زور دیا ہے کہ دونوں ملک ذمہ دارانہ حل کیلئے کام کریں جس سے جنوب ایشیا میں طویل المدتی اور علاقائی استحکام برقرار رہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی خوراک رانا تنویر حسین سے اینگرو کے سی ای او علی راٹھور ملاقات کر رہے ہیں

نائب وزیر اعظم، وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کی بھارتی جارحیت کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم، وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

قومی سلامتی کے مشیر کا امریکی وزیر خارجہ سے رابطہ، بھارت سے کشیدگی پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی قومی سلامتی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل عاصم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

وزیر اعلیٰ نے پورے پنجاب میں ہنگامی حالت کا اعلان کر دیا

پنجاب کے تمام ہسپتالوں کے ڈاکٹروں اور طبی عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ نے پورے پنجاب میں ہنگامی حالت کا اعلان کر دیا جس کے باعث پنجاب پولیس سمیت تمام سیکورٹی ادارے ہائی الرٹ کر دیئے گئے، پنجاب کے تمام ہسپتالوں کے ڈاکٹروں اور طبی عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں۔ وزیر اعلیٰ نے تمام سٹاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

بھارت میں اتنی جرات نہیں کہ وہ پاکستان کی فضا کو استعمال کرے

پاکستان کی جانب سے بھرپور جواب دیا جائے گا، خواجہ محمد آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ ہندوستان میں اتنی جرات نہیں کہ وہ پاکستان کی فضا کو استعمال کرے، پاکستان کی جانب سے بھرپور جواب دیا جائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

یو این سیکرٹری جنرل کا پاکستان اور بھارت سے تحمل سے کام لینے کا مطالبہ

سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس کا پاک بھارت کشیدگی پر تشویش کا اظہار

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے پاک بھارت کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے ترجمان نے کہا کہ سیکرٹری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



مریدکے: بھارت کے بزدلانہ میزائل حملے میں تباہ ہونیوالی ایجوکیشن کمپلیکس کی عمارت کا ملبہ بکھرا پڑا ہے

پاک فضائیہ نے بھارتی فوج کا بریگیڈ ہیڈ کوارٹر تباہ کر دیا، ویڈیو منظر عام پر آ گئی

بھارتی فوج کا 12 انفنٹری بریگیڈ 9 ڈویژن، 15 کور کے زیر کمان ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاک فضائیہ نے بھارت کے بزدلانہ حملے کا بھرپور جواب دیتے ہوئے بھارتی کے فوج کے انفنٹری بریگیڈ ہیڈ کوارٹر تباہ کر دیا، جس کی ویڈیو بھی منظر عام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر محکمہ داخلہ میں انٹرنل سکیورٹی کنٹرول روم قائم

چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق کا دورہ، سکیورٹی صورتحال بارے بریفنگ لی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ داخلہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



بہاولپور: صوبائی وزیر محکمہ صحت خواجہ سلمان رفیق بھارتی حملے میں زخمی ہونیوالے بچے کی عیادت کر رہے ہیں

رافیل طیارہ ساز فرانسیسی کمپنی کے عالمی مارکیٹ میں شیئرز گر گئے

پیرس (این این آئی) رافیل طیارہ ساز فرانسیسی کمپنی کے عالمی مارکیٹ میں شیئرز گر گئے۔ رافیل لڑاکا طیارے بھارتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

بھارتی جارحیت، پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں شدید مندی

100 انڈیکس 2 ہزار 815 پوائنٹس میں کمی کے بعد ایک لاکھ 10 ہزار 752 پر آ گیا

کراچی (این این آئی) بھارتی جارحیت کے منہ توڑ جواب کے بعد پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں کاروبار کے آغاز پر شدید مندی دیکھی جا رہی ہے۔ 100 انڈیکس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

بھارتی سائبر حملے، کابینہ ڈویژن نے تمام ڈویژنز کو ایڈوائزری جاری کر دی

یہ عناصر فریب پر مبنی پیغامات، فشنگ اسکیمز، جھوٹی کہانیوں سے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، ہوشیار رہیں

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر ایمرجنسی ریسپانس ٹیم کی جانب سے پاک بھارت کشیدگی کے درمیان سائبر حملوں کے پیش نظر ایڈوائزری جاری کی گئی ہے۔ نیشنل سائبر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

بھارتی حملہ ہماری خودمختاری کی کھلم کھلا خلاف ورزی، مولانا فضل الرحمن

پاکستان پر بھارت کے بزدلانہ حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، ہندوستان کے خلاف افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، بیان

رتی حملہ ہماری خودمختاری کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، بھارت کی طرف سے بلا اشتعال جارحیت کی گئی ہے: سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے بھارتی حملہ پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حملہ ہماری خودمختاری کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، پاکستانی قوم متحد ہے، ہندوستان کے خلاف افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پاکستان پر بھارت کے بزدلانہ حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ بھارتی حملہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

بھارتی جارحیت قابل مذمت ہے، عالمی برادری بھارت کو فوراً روکے، علی رضا سید

برسلز (این این آئی) چیئرمین کشمیر کونسل ای یو علی رضا سید نے بھارت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

بھارتی حملہ، وزیر اعلیٰ پنجاب کا صوبے بھر کے تمام تعلیمی ادارے بند رکھنے کا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان پر بھارت کے حملے کے بعد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے بھر کے تعلیمی ادارے بند رکھنے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

سعودی عرب، ریلوے کا حج پلان، 20 لاکھ عازمین کو سروس فراہم کی جائے گی

ریاض (این این آئی) سعودی ریلوے سار نے رواں برس حج سیزن کے منصوبے کا اعلان کر دیا ہے۔ گزشتہ برس کے مقابلے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

سیالکوٹ اور مظفر آباد کے تمام اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ، سرکاری ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں

مظفر آباد/سیالکوٹ (این این آئی) بھارت کے میزائل حملوں کے بعد مظفر آباد کے تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، مظفر آباد کے علاقہ شنوائی نالہ سے 2 بچیاں زخمی حالت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

رافیل زمین بوس، ہماری فضائیہ کی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، شیخ رشید

بھارت کو ایسا سبق بھارت سکھائیں گے اس کی نسلیں یاد رکھیں گی، سابق وفاقی وزیر داخلہ

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی داخلہ وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ہمارے عظیم جوانوں اور پاک فضائیہ نے جس طرح بھارت کے دانت کھٹے کیے ہیں وہ تاریخ کا ایک حصہ ہیں، ساری پاکستانی قوم کو ان پر فخر ہے، رافیل 5 ہوں یا 6 ہوں جس طرح چشم زدن میں انہیں زمین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد: کینیڈین پولیٹیکل اینڈ ٹریڈ قونصلر وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے ملاقات کر رہے ہیں

چین بھارت کی فوجی کارروائی کو افسوسناک سمجھتا ہے، چینی وزارت خارجہ

فریقین پر زور دیتے ہیں کہ امن و استحکام کے وسیع تر مفاد میں کام کریں، ترجمان

بیجنگ (این این آئی) چین نے بھارت کی آج صبح کی فوجی کارروائی کو افسوسناک قرار دے دیا۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لین جیان کا کہنا ہے کہ ہم موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہیں، بھارت اور پاکستان ایک دوسرے کے ہمسایہ تھے، ہیں اور ہمیشہ رہیں گے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



لاہور: وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ انٹرفیتھ کانفرنس میں دیگر کے ہمراہ موجود ہیں

بھارتی جارحیت کو ہرگز نظر انداز نہیں کیا جائے گا، بلاول بھٹو

اپنی خودمختاری کی خلاف ورزی برداشت نہیں کریں گے، بھارتی جارحیت کو کچل دیا جائے گا، کسی بھی مہم جوئی کا منہ توڑ جواب دیں گے

بھارت کے بزدلانہ حملوں میں شہری علاقوں کو نشانہ بنانا جنگی جارحیت ہے، معصوم خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانا طاقت نہیں بلکہ درندگی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بھارت کی جانب سے بزدلانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی جارحیت کو ہرگز نظر انداز نہیں کیا جائے گا، کسی بھی مہم جوئی کا منہ توڑ جواب دیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستانی سرزمین اور شہری اہداف کو نشانہ بنانے کے لیے بھارت نے بزدلانہ حملہ کیا، بھارتی جارحیت کو ہرگز نظر انداز نہیں کیا جائے گا، کسی بھی مہم جوئی کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی خلیجی دورہ مختصر کر کے وطن واپس پہنچ گئے

بزدل دشمن نے ہمیشہ کی طرح اس بار بھی رات کی تاریکی میں وار کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی خلیجی ممالک کا دورہ مختصر کر کے وطن واپس پہنچ گئے ہیں۔ محسن نقوی نے بھارت کی جانب سے شہری آبادی کو نشانہ بنانے کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ عظمت محمود خان اپنے آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں تعلیمی ادارے بند

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور انڈیا کے درمیان کشیدگی کی وجہ سے وفاقی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پاک بھارت کشیدگی، بمبئی اسٹاک ایکسچینج سینسیکس میں کاروبار کا بدترین آغاز

بمبئی (این این آئی) بھارتی جارحیت کے پاکستان کے تاریخ ساز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

بھارت کا ایک اور بزدلانہ اقدام، کرتار پور راہداری غیر معینہ مدت کے لیے بند کر دی

نارووال (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

پاکستان نے 3 بھارتی طیارے مار گرائے، بھارتی میڈیا کا اعتراف

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی چیک پوسٹوں پر پاکستانی گولہ باری سے 7 ہلاکتیں اور 35 زخمی ہوئے: خبر رساں ادارہ

بزدلانہ حملے کے بعد شکست تسلیم کرتے ہوئے بھارتی فوج نے لائن آف کنٹرول کے چورا کمپلیکس پر سفید جھنڈا لہرا دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی میڈیا نے بلآخر پاک فوج کی جانب سے اپنے 3 طیاروں کی تباہی کا اعتراف کر لیا۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق بھارتی سیکورٹی ذرائع نے اعتراف کیا کہ پاک فوج نے 3 بھارتی لڑاکا طیارے مار گرائے ہیں۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں بھارتی چیک پوسٹوں پر پاکستانی گولہ باری سے 7 ہلاکتیں اور 35 زخمی ہوئے۔ بزدلانہ حملے کے بعد شکست تسلیم کرتے ہوئے بھارتی فوج نے لائن آف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: وزیر لائیو سٹاک و زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی آئندہ بجٹ میں منصوبوں بارے ایم تجاویز بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد یاسین
سٹی نیوز

ایس ایچ او ندیم اختر، اے ایس آئی زوالفقار اور ان کی ٹیم کی کاروائی

ملزم حمزہ کو مشکوک جان کر روکا تو تلاشی کے دوران اس کے قبضے سے 1 عدد رائفل، 2 عدد میگزین اور 5 گولیاں ملی جسے موقع پر گرفتار کر لیا

لاہور (خالد صمدانی سے) لاہور تھانہ راوی روڈ کے علاقے میں ایس ایچ او





ندیم اختر، اے ایس آئی زوالفقار اور ان کی ٹیم کی کاروائی ملزم حمزہ کو مشکوک جان کر روکا تو تلاشی کے دوران اس کے قبضے سے 1 عدد رائفل، 2 عدد میگزین اور 5 گولیاں ملی جسے موقع پر گرفتار کر لیا پولیس نے ملزم پر مقدمہ درج کر کے حوالات میں بند کر دیا*



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی قیادت میں مال روڈ پر بھارتی جارحیت کیخلاف اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی پاکستان زندہ باد ریلی نکالی جا رہی ہے سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی اظہر بلال، نائب امراء لاہور انجینئر اخلاق احمد، خالد احمد بٹ، چوہدری محمد شوکت، ڈپٹی سیکرٹریز عبدالعزیز عابد، عامر نثار خان و دیگر قائدین موجود ہیں

بھارت نے پاکستان پر حملہ کر کے اپنی تباہی کا آغاز کر دیا ہے

پاکستانی قوم کا بچہ بچہ پاکستان کے دفاع کیلئے اپنی فوج کیساتھ کھڑا ہے، پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے، ملک کے دفاع کیلئے ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہیں

پاک فوج اور پاکستانی قوم اپنے مکار دشمن کو اپنے مزموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہونے دیگی

پاک فوج نے بھارت کے بزدلانہ حملوں کا بھرپور جواب دیکر عوام کے جذبات کی ترجمانی کر رہی ہے

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کا بھارتی جارحیت کیخلاف اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے مال روڈ پر پاکستان زندہ باد ریلی کے شرکاء سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بھارت نے پاکستان پر حملہ کر کے اپنی تباہی کا آغاز کر دیا ہے۔ پاکستانی قوم کا بچہ بچہ پاکستان کے دفاع کیلئے اپنی فوج کیساتھ کھڑا ہے۔ پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ملک کے دفاع کیلئے ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہیں۔ بھارتی جارحیت کیخلاف پوری پاکستانی قوم کا مورال اور جذبہ قابل ستائش ہے۔ پاک فوج بھارت کے بزدلانہ حملوں کا بھرپور جواب دیکر عوام کے جذبات کی ترجمانی کر رہی ہے۔ پوری پاکستانی قوم کا مورال اور جذبہ بلند ہے۔ پاک فوج نے اور پاکستانی قوم اپنے مکار دشمن کو اپنے مزموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہونے دیگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مال روڈ مسجد شہداء پر جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام بھارتی جارحیت کیخلاف اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے مال روڈ پر پاکستان زندہ باد ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے کیا۔ ریلی کے شرکاء کی جانب سے پاک فوج زندہ باد، پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ ریلی میں سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی اظہر بلال، سیکرٹری اطلاعات جماعت اسلامی لاہور عبدالعزیز عابد، نائب امراء جماعت اسلامی لاہور چوہدری محمد شوکت، خالد احمد بٹ، وقاص احمد بٹ، ملک شاہد اسلم، ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی لاہور عامر نثار خان، صدر جے آئی یوتھ لاہور جبران بٹ سمیت نوجوانوں کی بڑی تعداد موجود تھے۔

لاہور: گورنر ہاؤس کے ملازم اور اس کی ماں کے ساتھ لوٹ مار، بزرگ خاتون سڑک پر گر کر جاں بحق

لاہور (رمیض علی سے) لاہور میں ڈاکوؤں نے گورنر ہاؤس کے ڈسپنسری ملازم اور اس کی ماں سے لوٹ مار کی جس دوران مزاحمت پر بزرگ خاتون سڑک پر گر کر جاں بحق ہو گئی۔ پولیس کے مطابق گورنر ہاؤس کا ڈسپنسری ملازم معین اپنی والدہ کے ساتھ بینک سے رقم لے کر سندر داس روڈ پر زمان پارک کے قریب پہنچا تو موٹر سائیکل پر سوار 2 ڈاکوؤں نے انہیں گھیر لیا۔ پولیس نے بتایا کہ ملزمان نے ماں سے پرس چھیننے کی کوشش کی، معین کی والدہ 62 سالہ سلمیٰ بیگم نے مزاحمت کی تو چھینا جھپٹی میں خاتون سڑک پر گر کر زخمی ہو گئی اور ڈاکو پرس لے کر فرار ہو گئے جب کہ خاتون کو اسپتال لے جایا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکی۔

بادامی باغ: موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار پولیس کی بڑی کامیابی

لاہور (رمیض علی سے) لاہور کے علاقے بادامی باغ میں چوکی جوزف کالونی پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے تین رکنی موٹر سائیکل چور گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کو خفیہ اطلاع ملی جس پر فوری ایکشن لیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں ریکارڈ یافتہ شہباز عرف لونا، یوسف اور احمد شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضے سے چار چوری شدہ موٹر سائیکلیں، تین موبائل فون، نقدی رقم اور غیر قانونی اسلحہ برآمد ہوا ہے۔ چوکی جوزف کالونی پولیس نے ملزمان کو ویران جھاڑیوں میں چھپے ہوئے گرفتار کیا، جہاں وہ مالِ مسروقہ سمیت چھپے بیٹھے تھے۔ ملزمان لاہور کے مختلف گلی محلوں اور رش والے مقامات پر وارداتیں کرتے تھے اور بغیر لاک کے کھڑی موٹر سائیکلیں چرا کر فرار ہو جاتے تھے۔ ایس پی سٹی بلال احمد نے چوکی انچارج جوزف کالونی اور پوری ٹیم کو کامیاب کارروائی پر شاباش دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انسداد جرائم کے لیے سخت نگرانی جاری ہے۔

تھانہ شالامار چھاؤنی کے علاقے یزدانی روڈ، عزیز بھٹی ٹاؤن میں موت کا کھیل جاری

لاہور (رمیض علی سے) پولیس کی خاموشی سوالیہ نشان بن گئی، شہری خوف و ہراس کا شکار۔ تھانہ شالامار چھاؤنی کی حدود میں واقع یزدانی روڈ، عزیز بھٹی ٹاؤن میں موت کا کھیل سرعام جاری ہے۔ علاقے میں منشیات فروشی، ون ویلنگ اور غیر قانونی سرگرمیوں میں اضافہ ہو چکا ہے جبکہ پولیس خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہے۔ SHO شالامار چھاؤنی کی معنی خیز خاموشی نے شہریوں کو مزید عدم تحفظ میں مبتلا کر دیا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق یزدانی روڈ پر منشیات فروش دن دہاڑے کھلے عام کاروبار کر رہے ہیں۔ نوجوان نسل نشے کے عادی ہو رہی ہے اور قانون نام کی کوئی چیز نظر نہیں آ رہی۔ بعض مقامات پر گلی محلوں میں ون ویلنگ کے خطرناک مظاہرے روز کا معمول بن چکے ہیں، جس سے کئی افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ مقامی افراد نے بارہا تھانے میں شکایات درج کروائیں، مگر کوئی سنوائی نہ ہو سکی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس صرف ''ہفتہ'' لے کر خاموش رہتی ہے، جس سے جرائم پیشہ افراد کی حوصلہ افزائی ہو رہی ہے۔ علاقہ مکینوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور سی سی پی او لاہور سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ علاقے میں امن و امان قائم ہو اور شہری سکون کا سانس لے سکیں۔

ہنگامی صورتحال، پنجاب میں 453 ڈاکٹروں کی عارضی تعیناتی کا فیصلہ

10 شہروں کے ٹیچنگ ہسپتالوں میں ایم او زز، سینئر رجسٹرار اور کنسلٹنٹس کی آسامیوں پر ''لوکم'' ڈاکٹرز تعینات ہوں گے

لاہور (خبر نگار) پنجاب حکومت نے موجودہ ہنگامی صورتحال کے پیش نظر فوری طور پر 453 ڈاکٹروں کو عارضی بنیادوں پر تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ تعیناتی یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کے ذریعے ''لوکم ایکٹ'' کے تحت صوبے کے 10 بڑے شہروں میں موجود ٹیچنگ ہسپتالوں میں کی جائے گی۔ لوکم ڈاکٹر بطور میڈیکل آفیسرز، سینئر رجسٹرارز اور میڈیکل آفیسرز، سینئر رجسٹرار اور کنسلٹنٹس تعینات ہوں گے۔ پہلے مرحلے پر 63 سینئر رجسٹرار اور کنسلٹنٹس اور 390 ایم او زز اور ڈبلیو ایم او زز بھرتی کیے جائیں گے۔ اس حوالے سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کئیر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے بدھ کے روز مراسلہ جاری کر دیا۔ وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) کے نام مراسلے میں کہا گیا ہے کہ موجودہ ہنگامی صورتحال میں ڈاکٹروں کی مناسب تعداد میں موجودگی کو یقینی بنانے کیلئے حکومت نے لوکم بنیادوں پر ڈاکٹروں کی بھرتی کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے یو ایچ ایس پہلے ہی آن لائن پورٹل کے ذریعے ڈاکٹروں کو رجسٹر کر رہی ہے اور ایک ہفتے کے دوران چار ہزار کے قریب ڈاکٹر رجسٹر ہو چکے ہیں۔ ڈیپارٹمنٹ کی ہدایات کے مطابق یو ایچ ایس ان ڈاکٹرز کی اہلیت کی جانچ پڑتال کرنے کے بعد انہیں مختلف ہسپتالوں میں تعینات کرے گی۔ تعیناتی کے آرڈرز سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے یو ایچ ایس کے ذریعے جاری کیے جائیں گے۔ لوکم ڈاکٹروں کو یومیہ بنیادوں پر اعزازیہ دیا جائے گا، جس میں آٹھ گھنٹے کی ڈیوٹی پر میڈیکل آفیسرز کو 8 ہزار روپے اور سینئر رجسٹرارز و کنسلٹنٹس کو 10 ہزار روپے دیے جائیں گے۔

ٹیچنگ ہسپتالوں میں ادویات کے واجبات کی ادائیگی کیلئے دوسری قسط 7 ارب روپے کی سپلیمنٹری گرانٹ جاری

محکمہ فنانس نے فنڈز سرکاری ہسپتالوں کے اکاؤنٹس میں ٹرانسفر کر دیئے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی کابینہ پنجاب کی منظوری کے بعد محکمہ فنانس نے سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں میں ادویات کے واجبات کی ادائیگی کیلئے دوسری قسط 7 ارب روپے کی سپلیمنٹری گرانٹ جاری کر دی گئی۔ محکمہ فنانس نے فنڈز سرکاری ہسپتالوں کے اکاؤنٹس میں ٹرانسفر کر دیئے ہیں۔ اب تک سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کے واجبات کی ادائیگی کیلئے 14 ارب روپے کے فنڈز ٹرانسفر کئے جا چکے ہیں۔ کل رقم کی تیسری قسط مالی سال 2025 کے ختم ہونے سے پہلے ریلیز کر دی جائے گی۔ میو ہسپتال لاہور، جنرل ہسپتال لاہور، سروسز ہسپتال لاہور، نشتر ہسپتال ملتان، الائیڈ ہسپتال فیصل آباد، بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاول پور اور فیملی ہسپتال راولپنڈی سمیت دیگر ٹیچنگ ہسپتالوں میں ادویات کے واجبات ادا کئے جائیں گے۔

بھارت اشتعال انگیزی کے بعد لاہور اور کراچی کی فضائی حدود بحال

لاہور (سٹی رپورٹر) پاکستان ایئر پورٹ اتھارٹی نے نیا نوٹم (NOTAM) جاری کر دیا ہے جس کے مطابق ایئر اسپیس میں عارضی معطلی ختم کر دی گئی ہے۔ پس منظر: یہ معطلی 48 گھنٹوں کے لیے آپریشنل پابندیوں کے تحت کی گئی تھی۔ مسافروں کے لیے ہدایات: مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنی متعلقہ ایئر لائنز سے رابطے میں رہیں۔ پروازوں کا فیصلہ: پروازوں کے شیڈول اور روٹس کا حتمی فیصلہ ایئر لائنز کے اختیار میں ہے۔

میپکو ڈویژن عارف والا میں لیبر یونین کا نجکاری کیخلاف احتجاج

گورنمنٹ آف پاکستان آئی ایم ایف کے دباؤ پر تمام کمپنیوں کی نجکاری کرنے کی ناکام کوشش کر کے ہمارے بچوں کے منہ سے نوالہ چھیننا چاہتے ہیں

عارفوالا (نامہ نگار) آل پاکستان ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (CBA) میپکو ڈویژن عارف والا میں بھی پورے پاکستان کی طرح محکمہ کی نجکاری کے خلاف تمام لیبر سراپا احتجاج رہے فخر مزدور خورشید احمد خاں اور ریجنل چیئرمین چوہدری غلام رسول گجر کی ہدایت پر ڈویژنل چیئرمین و زونل سیکرٹری سرکل ساہیوال رانا غلام عباس کی زیر قیادت نجکاری کے خلاف دفاتر کی مکمل تالا بندی کرتے ہوئے بھرپور طریقے سے احتجاج کیا گیا اور تمام لیبر نے قلم چھوڑ ہڑتال کی ڈویژنل چیئرمین و زونل سیکرٹری سرکل ساہیوال رانا غلام عباس، وقاص رضا خان، اللہ ودھایا، رانا عبدالرحیم، راؤ محمد اقبال، میاں اقبال جوئیہ نے خطاب میں حکومت کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ آف پاکستان آئی ایم ایف کے دباؤ پر تمام پبلک سیکٹر کمپنیوں کی نجکاری کرنے کی ناکام کوشش کر کے ہمارے بچوں کے منہ سے نوالہ چھیننا چاہتے ہیں جو سراسر غلط اور سوچی سمجھی سازش ہے حکومت پاکستان ہوش کے ناخن لے ہم کسی صورت بھی نجکاری نہیں ہونے دیں گے ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ تمام ڈیتھ کوٹہ کنٹریکٹ، سپورٹس مین کنٹریکٹ والوں کو فوری ریگولر کرتے ہوئے ڈیلی ویجز کو بھی ریگولر کیا جائے۔



افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی اور قومی اتحاد کیلئے ریلی کا انعقاد کیا گیا

ریلی پریس کلب عارفوالا سے شروع ہو کر مختلف بازاروں سے ہوتی ہوئی جناح چوک پر اختتام پذیر ہوئی

عارفوالا (نمائندہ قوت) پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ کے زیر اہتمام چوہدری حاجی محمد اعجاز کی صدارت میں استحکام پاکستان، افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی اور قومی اتحاد کیلئے ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی پریس کلب عارفوالا سے شروع ہو کر مختلف بازاروں سے ہوتی ہوئی جناح چوک پر اختتام پذیر ہوئی ریلی میں صحافیوں، وکلاء کی تو پاکستانی عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ سیسہ پلائی دیوار بن کر وطن عزیز کا دفاع کرے گی مملکت خداداد پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے ملکی سلامتی پر آنچ نہیں آنے دیں گے ہم وطن عزیز کے دفاع کی خاطر افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں اگر جنگ مسلط کی گئی تو فرنٹ لائن پر پاک فوج کے ہمراہ ملکی سرحدوں کا دفاع کرتے ہوئے بھارت



کو تہس نہس کر دیں گے پاکستانی قوم ہر آزمائش میں متحد ہے، شرکاء نے پاکستان پر لگائے گئے بھارتی کمینٹی، سیاسی و سماجی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد

الحمراء میں بہادر مسلح افواج سے اظہار یک جہتی کے لئے ملی نغمے پلے کئے گئے

الحمراء نے قومی وحدت کا جذبہ ولولہ تازہ کرنے کے لئے قومی پرچم لہرا دیا جو امن وسلامتی کا نشان ہے۔ پوری قوم دفاع پاکستان کے لئے مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ چیئرمین الحمراء رضی احمد



لاہور (خبر نگار) لاہور آرٹس کونسل الحمراء میں بہادر مسلح افواج سے اظہار یک جہتی کے لئے ملی نغمے پلے کئے گئے۔ الحمراء نے قومی وحدت کا جذبہ ولولہ تازہ کرنے کے لئے قومی پرچم لہرا دیا جو امن وسلامتی کا نشان ہے۔ چیئرمین الحمراء رضی احمد نے کہا کہ پوری قوم دفاع پاکستان کے لئے مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، فنون لطیفہ سے وابستہ تمام شعبوں سے منسلک افراد اپنی فوج کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان ایک پُرامن ملک ہیں، دشمن کی بزدلانہ کاروائیوں سے پاکستانی عوام کے حوصلے پست نہیں ہونگے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء تو قیر حیدر نے کہا کہ پاک فوج کے بہادر سپوت اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے اپنے وطن کی حفاظت کر رہے ہیں، ہمارے شہداء اپنی جانیں ہمارے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لئے نچھاور کر رہے ہیں، پاکستانی قوم جاگ رہی ہے، پاکستانی قوم اپنے محافظوں پر فخر کرتی ہے۔ واضح رہے گلوکاروں، مصوروں، فنکاروں، موسیقاروں و فنون لطیفہ کے دیگر شعبوں سے وابستہ آرٹسٹوں نے پاک فوج کے جوانوں کے عزم و استقلال کو بلند کرنے کے لئے ہمیشہ اپنی خدمات نبھائی ہیں۔

پوری پاکستانی قوم مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، چیئرمین پی آئی ٹی بی فیصل یوسف

بھارت نے سول آبادی کو نشانہ بنا کر عالمی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے، اقوام متحدہ اور عالمی ممالک کو بھارتی جارحیت کا نوٹس لینا چاہیے

لاہور (خبر نگار) چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ فیصل یوسف نے سویلین آبادی پر بھارتی بزدلانہ حملوں اور اشتعال انگیزی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دے کر اپنی برتری ثابت کی۔ بھارت نے سول آبادی کو نشانہ بنا کر عالمی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے' اقوام متحدہ اور عالمی ممالک کو بھارتی جارحیت کا نوٹس لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا پوری پاکستانی قوم مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ بھارت کو معلوم ہونا چاہیے کہ اس کا مقابلہ دنیا کی بہادر ترین' نڈر اور بہترین فوج سے ہے۔ چیئرمین فیصل یوسف کا کہنا تھا کہ عالمی قوانین کی خلاف عوام مشتبہ ای میلز' پیغامات اور لنکس کو کلک کرنے سے اجتناب کریں۔ انہوں نے کہا کہ خطہ میں تب تک امن نہیں ہوگا جب تک مسئلہ کشمیر کو کشمیری عوام کی مرضی اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل نہیں کیا جاتا۔

بھارت نے رات کی تاریکی میں سویلینز پر بزدلانہ حملہ کیا۔ ڈاکٹر سلمان حسیب

پاکستان، ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس افواج پاکستان کے ساتھ ہیں ڈاکٹر شعیب نیازیان ڈور کے ساتھ آوٹ ڈور سروسز بحال کر رہے ہیں۔ ینگ ڈاکٹرز

لاہور (خبر نگار) چیئرمین گرینڈ ہیلتھ الائنس ڈاکٹر سلمان حسیب اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں سویلینز پر بزدلانہ حملہ کیا۔ ڈاکٹر سلمان حسیب سے پہلے پاکستان، ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس افواج پاکستان کے ساتھ ہیں۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس تمام ڈاکٹرز، نرسز اور طبی عملہ اپنی ڈیوٹی سنبھال رہا ہے۔ حکومت پنجاب کی نجکاری و الائنسز سے انڈور و آپریشن تھیٹرز کھول دیئے تھے۔ افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ ڈاکٹر شعیب نیازی جس طرح افواج پاکستان نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا قابل فخر ہے۔ ڈاکٹر شعیب نیازی نے کہا کہ ان ڈور کے ساتھ آوٹ ڈور سروسز بحال کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر شعیب نیازی نے کہا تمام ہیلتھ پروفیشنلز قومی فریضہ سمجھ کر ڈیوٹی سنبھال لیں۔ ڈاکٹر شعیب سلمان حسیب کا کہنا تھا کہ ایمرجنسی صورتحال ختم ہونے کے بعد پھر اپنے مطالبات پر کھڑے رہیں گے۔ جن ڈاکٹرز کے خلاف انتقامی کارروائی کی گئی وہ بھی اپنی ڈیوٹی دیں۔ ڈاکٹر شعیب نیازی نے کہا کہ جمعہ کو افواج پاکستان سے یکجہتی کیلئے پنجاب بھر میں ریلیاں نکالیں گے۔ ڈاکٹر شعیب نیازی نے کہا کہ اس وقت ملک کو ہم سب کی ضرورت ہے۔

وزیر تعلیم کی قیادت میں مختلف کالجز کے طلباء کی پاکستان زندہ باد ریلی

مودی کی ٹیوننگ ضروری ہو چکی ہے اب وہ ہمارا ہر جواب یاد رکھے گا، وزیر تعلیم جو پاکستان کو ایزی لے رہا تھا، اب ہیڈ لائنز میں اپنا تماشہ دیکھے، رانا سکندر حیات

لاہور (خبر نگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی قیادت میں مختلف کالجز کے طلباء کی پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ''پاکستان زندہ باد طلباء ریلی'' کا انعقاد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے غیور فوجی جوانوں کی وجہ سے مودی کا غرور پاکستان کی فضاؤں میں ٹک نہیں سکا اور دشمن کے طیارے زمین بوس کر کے بھارتی وار مودی پر بھاری ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مودی سرکار کو جنگ کا شوق ہے تو نتائج بھی برداشت کرنے پڑیں وزیر تعلیم نے کہا کہ پاکستان غزہ نہیں ہے، یہاں کا ہر

ابھی رجسٹر کروائیں
www.greencredit.punjab.gov.pk

چیف منسٹر گرین کریڈٹ پروگرام
31 ماحول دوست سرگرمیوں کے ذریعے ایک یا ایک سے زائد گرین کریڈٹ حاصل کریں



1 گرین کریڈٹ = 10,000 روپے کیش

200
ذمہ دار شہری بنے ہیں ہمارے
سبز سرپرست

CM PUNJAB MARYAM NAWAZ



اگلے سبز سرپرست آپ بھی ہو سکتے ہیں

SPL-833

محکمہ تحفظ ماحول و موسمیاتی تبدیلی حکومت پنجاب
شکایات اور معلومات کیلئے 1373 پر کال کریں
گرین پنجاب ایپ ڈاؤن لوڈ کریں
#WorkForGreenPunjab

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 8 مئی 2025ء

فیصل آباد پریس کلب کے زیراہتمام پاک فوج کے حق میں ریلی

ریلی کا مقصد گزشتہ رات بھارت کی بزدلانہ جارحیت کی مذمت اور افواج پاکستان کی بروقت اور جرات مندانہ جوابی کارروائی کو خراج تحسین پیش کرنا تھا



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد پریس کلب اور پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس ورکرز کے زیراہتمام سیکرٹری جنرل پی ایف یو جے ورکرز و صدر پریس کلب شاہد علی کی زیرقیادت افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی، ریلی کا مقصد گزشتہ رات بھارت کی بزدلانہ جارحیت کی مذمت اور افواج پاکستان کی بروقت اور جرات مندانہ جوابی کارروائی کو خراج تحسین پیش کرنا تھا، ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل پی ایف یو جے ورکرز شاہد علی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت میں ایک بار پھر اپنی بزدل فطرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کی کوشش کی مگر اسے منہ توڑ جواب ملا ہماری فوج کے شاہینوں نے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے ہم اپنی فوج پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہیں پوری صحافی برادری اور قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے، اگر دشمن نے دوبارہ میلی آنکھ سے دیکھا تو آنکھیں نکال دیں گے، پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور ہم ہر محاذ پر اپنی فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں، سیکرٹری پریس کلب سید عرادا احسین عابدی نے کہا کہ پاک فضائیہ نے دشمن کے غرور کو زمین بوس کر دیا ان کا حملہ ابھی پرالٹ پڑا اور اب دبی تک سناٹا چھا چکا ہے ریلی میں صحافی برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی شرکاء نے پاک فضائیہ زندہ افواج پاکستان پائندہ باد بھارت مردہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے ریلی میں صدر فوٹو جرنلسٹ محمد طاہر، گروپ لیڈر ایڈیٹر کونسل زاہد حسین مان، ایگزیکٹو ممبران پریس کلب رانا محسن فاروق، ڈاکٹر سعید طاہر، ارشد انصاری، افشاں بتول و دیگر نے شرکت کی ریلی کے اختتام پر ملکی سلامتی، شہداء کے درجات کی بلندی اور افواج پاکستان کی کامیابی کیلئے دعا کی گئی، شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ہر سازش ہر حملے اور ہر دشمن کیخلاف اپنی فوج کے ساتھ قدم بہ قدم کھڑے رہیں گے۔

مریدکے بھارتی حملے میں شہید 3 شہداء کی اجتماعی نماز جنازہ ادا کردی گئی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) مریدکے بھارتی حملے میں شہید 3 شہداء کی اجتماعی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔نماز جنازہ میں چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان، آئی جی پنجاب عثمان انور، آر پی او شیخوپورہ ربنج اطہر اسماعیل، کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ، ڈی پی او شیخوپورہ بلال تفر شیخ، پاک فوج کے افسران اور رکن قومی وصوبائی اسمبلی سمیت شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بھارتی جارحیت کی بھرپور مذمت کرتا ہوں: میاں شوکت علی تھہیم ایڈووکیٹ

پاک فضائیہ کے نوجوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں، جنہوں نے بہادری جرات مندی کے ساتھ دشمن کے طیاروں کو مار گرایا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی صدر پاکستان تحریک انصاف چنیوٹ ٹکٹ ہولڈر پی پی 95 میاں شوکت علی تھہیم ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں کہا کہ بھارتی جارحیت کی بھرپور مذمت کرتا ہوں، بھارت پہلے بھی پاکستان سے کئی بار شکست کھا چکا ہے۔ میں پاک فضائیہ کے نوجوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں، جنہوں نے بہادری جرات مندی کے ساتھ دشمن کے طیاروں کو مار گرایا، اور بھارتی چوکیوں کو تباہ کیا، اور ثابت کیا کہ پاک فضائیہ کے سامنے بھارتی فضائیہ کچھ بھی نہیں، بھارت کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ پاکستان میں نااہل ترین قیادت کی وجہ سے بھارت نے بزدلانہ کارروائی کی ہے، اگر میرا کپتان سابق وزیراعظم عمران خان آج جیل میں بے گناہ قید نہ ہوتا، تو انڈیا کبھی جرات نہ کرتا۔ اس سنجیدہ معاملے پر پاکستانی قوم کو متحد کرنے کے لیے سابق وزیراعظم عمران خان کی رہائی بہت ضروری ہے، پوری قوم اپنے ملک اور بانی چیئرمین عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے، پاکستان پر حملے کرنے کی بھارت کو سفارتی ناکامی ہوئی ہے۔ آخر پر انہوں نے کہا کہ بھارت ہوش کے ناخن لے، اور اپنی بچگانہ حرکتوں سے باز رہے، ورنہ انڈیا کو بھاگنے کے لیے موقع بھی نہیں ملے گا

ملکی صورتحال کے پیش نظر سول ڈیفنس وارڈن پوسٹ اے ون پرسول ڈیفنس سٹاف، پیڈ/ نان پیڈ رضاکاران سے ہنگامی میٹنگ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سول ڈیفنس آفیسر نے ملکی صورتحال کے پیش نظر سول ڈیفنس وارڈن پوسٹ اے ون پرسول ڈیفنس سٹاف، پیڈ/ نان پیڈ رضاکاران سے ہنگامی میٹنگ کی جس میں چیف وارڈن مسعود اقبال نے بھی شرکت کی۔ ملکی صورتحال کے پیش نظر تمام وارڈنز کو الرٹ رہنے کا حکم دیا گیا اسی طرح بم ڈسپوزل سکواڈ کو بھی الرٹ کر دیا گیا۔

جہلم ضلع بھر میں متعدد ریڑھی بازار قائم کیے جا چکے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر میں متعدد ریڑھی بازار قائم کیے جا چکے ہیں ریڑھی بازاروں کی توسیع اور تمام ریڑھیوں کو ایک مقررہ مقام پر ریڑھی بازار میں منتقل کرنے کے لیے اقدامات عمل میں لائے جائیں۔ میونسپل کمیٹی کے افسران اور ٹریفک پولیس تمام ریڑھی بانوں کی رجسٹریشن کو یقینی بنائے تاکہ جہلم شہر میں ریڑیوں کی تعداد معلوم کرنے اور ان کے لیے ریڑھی بازار قائم کرنے میں آسانی رہے جبکہ کسی ریڑی بان کا روزگار خراب کیے بغیر اس کو ایک بہترین جگہ فراہم کی جاسکے یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم میسم عباس کی زیر صدارت ریڑی بازار کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں کہی گئی ڈپٹی کمشنر جہلم نے کہا کہ جگہ جگہ پر ریڑھیاں کھڑی کر کے ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ ڈالنے اور شہر کی خوبصورتی کو خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔

مرید کے ننگل ساہداں مرکز طیبہ پر بھارت نے 4 میزائل داغے

جن میں مسجد کنٹرول روم اور حافظ سعید کی پرانی رہائش گاہ کو نشانہ بنایا گیا

مریدکے (تحصیل رپورٹر) مریدکے ننگل ساہداں مرکز طیبہ پر بھارت نے چار میزائل داغے۔ جن میں مسجد کنٹرول روم اور حافظ سعید کی پرانی رہائش گاہ کو نشانہ بنایا گیا۔ میزائل حملوں میں تین شہادتیں ہوئیں۔ بتایا جاتا ہے کہ گذشتہ رات تقریباً ساڑھے بارہ بجے کے بعد بھارت بزدلانہ کاروائی کرتے ہوئے ننگل ساہداں مرکز طیبہ پر بھارتی میزائل حملوں میں کم از کم تین شہری شہید ہو گئے، جن میں کیمرہ سسٹم کے ذمہ دار عبدالمالک بھی شامل ہیں۔ ذرائع مطابق عبدالمالک سیکیورٹی کیمرہ سسٹم کی نگرانی کر رہے تھے کہ پہلا دھماکہ ہوا، جس کے فوراً بعد وہ باہر نکلے ہی تھے کہ دوسرا میزائل آ گرا اور وہ موقع پر ہی ش ہی د ہو گئے۔ دیگر شہداء ملبے تلے دبنے کے باعث اللہ کے حضور حاضر ہوئے۔ رات گئے ہونے والے میزائل حملوں میں دو افراد زخمی ہوئے۔ بھارتی میزائل کا ہدف مرکزی مسجد بنی، جس کی چھت کا ایک حصہ شہید ہوا۔ ایک میزائل قریبی رہائشی گھر پر گرا جسے بھی حافظ سعید کی پرانی رہائش گاہ کا نام دیا گیا تھا جبکہ مسجد کے سامنے استقبالیہ پر بھی میزائل حملہ ہوا۔

ہم پاک فوج اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ ہیں بھارت کسی بھول میں نہ رہے

پاکستان کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینا جانتا ہے: علی شہزاد اسلم بھٹی



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ہم پاک فوج اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ ہیں بھارت کسی بھول میں نہ رہے پاکستان کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینا جانتا ہے پاکستان نے اینٹ کا جواب پتھر سے دیا دوبارہ کوئی حرکت کی تو منہ توڑ دیں گے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی قوم اس وقت ایک پیج پر ہے ہمارے جذبے بلند ہیں ہمیں پاک فوج کے جوانوں اور سکیورٹی اداروں پر فخر ہے جنہوں نے ہمیشہ دشمن کے عزائم کو خاک میں ملایا امید ہے بھارت آئندہ کبھی ایسی غلطی نہیں کرے گا ورنہ انجام دنیا ہمیشہ یاد رہے گی شہادت کا رتبہ سب سے عظیم ہے مساجد پر بھارتی حملوں پر افسوس ہے مذمت کرتے ہیں زیندر مودی عالمی سطح پر تنہا رہ گیا ہے۔

مرکزی انجمن تاجران نارنگ نے پاک فوج کے حق میں ریلی نکالی شرکاء نے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے

پاکستان کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کیلئے ہر طرح سے تیار ہے: قائمقام صدر حاجی اشرف چیمہ



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مرکزی انجمن تاجران نارنگ نے پاک فوج کے حق میں ریلی نکالی شرکاء نے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر پاک فوج زندہ باد پاکستان زندہ باد کے نعرے درج تھے اس موقع پر قائمقام صدر حاجی اشرف چیمہ چیئرمین حاجی ارشد زرگر جنرل سیکرٹری فاروق اعوان اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری ظہیر ارشد مغل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کیلئے ہر طرح سے تیار ہے ہم پاک فوج اور سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہیں دوبارہ ایسی حرکت کی گئی تو منہ توڑ جواب دیا جائے گا سالمیت پر کوئی مجموتہ نہیں ہوگا پاک فوج نے جوابی کارروائیوں میں بھارت کو پسپا کر کے دل خوش کر دیا ہے ہمیں پاک آرمی پر فخر ہے جس نے ہمیشہ دشمن کے دانت کھٹے کیے ہیں پاکستان ہمیشہ شاد باد رہے گا بھارت کسی بھول میں نہ رہے اگر باز نہ آیا تو صفحہ ہستی سے مٹا دیں گے شرکاء نے پاکستان زندہ باد پاک فوج زندہ باد کے نعرے بھی لگائے فضاء نعرہ تکبیر اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھی۔

پاک بھارت کشیدگی کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کا اہم ویڈیو لنک اجلاس

کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے موجودہ ملکی صورتحال پر اظہار کرتے ہوئے تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کی



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) پاک بھارت کشیدگی کے پیش نظر کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کا اہم ویڈیو لنک اجلاس۔ حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے تناظر میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ آر پی او طیب حفیظ چیمہ، ڈپٹی کمشنر نوید احمد بی پی او ایاز سلیم رانا سمیت اجلاس میں ڈویژن کے تمام ڈپٹی کمشنرز، ڈی پی او ز، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق، اے سی آر محمد فرقان، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قمر زیشان، مختلف محکموں کے سی ای اوز اور متعلقہ محکموں کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے موجودہ ملکی صورتحال پر اظہار کرتے ہوئے تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ نارووال، سیالکوٹ سمیت ڈوژن کے دیگر اضلاع میں سیکیورٹی مزید سخت کی جائے گی اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری ردعمل کی حکمت عملی تیار کر لی گئی ہے۔ عوام کو افواہوں سے دور رہنے اور صرف سرکاری ذرائع سے اطلاعات حاصل کرنے کی ہدایت کی گئی۔ کمشنر نے تمام اداروں کو باہمی رابطے کو مؤثر بنانے، ہسپتالوں میں ایمرجنسی پلان فعال رکھنے، اور ریلیف کی سرگرمیوں کی تیاری مکمل رکھنے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں ہم سب کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا تاکہ عوام کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ موجودہ صورتحال میں کسی بھی ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے ڈوژن کے تمام محکموں کی چھٹیاں منسوخ اور اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے اور ضلع میں ایمرجنسی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے جو شہر میں اضلاع میں چانیز ہیں انکی فول پروف سکیورٹی یقینی بنائی جائے اور انکی موومنٹ پر بھی پابندی ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ پرائس مجسٹریٹس اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو اعتدال میں رکھنے کے لیے کارروائیاں جاری رکھیں اور ٹریڈرز کے ساتھ بھی رابطے میں رہیں تاکہ کسی قسم کی اشیاء ضروریہ کی قلت نہ ہو اور ہی مصنوعی مہنگائی کی صورتحال پیدا ہو۔ اجلاس میں ڈوژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے اپنے اپنے ضلع میں حفاظتی انتظامات بارے بریفنگ دی۔

صدر انجمن اسلامیہ و چیف پیٹرن نظریہ پاکستان فورم پرویز خالد شیخ کی خدمات پر خراج تحسین پیش

ادبی تنظیموں کی سرپرستی اسی طرح پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی ملک گیر تنظیم نظریہ پاکستان فورم کی مکمل سرپرستی ان کے وہ عظیم کارنامے ہیں



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) نظریہ پاکستان فورم کی طرف سے نصف صدی سے زائد عرصہ بے لوث فلاح انسانیت کرنے والے عظیم فلاح کارسوشل و ادبی، تجارتی اور انسان دوست رہنما صدر انجمن اسلامیہ و چیف پیٹرن نظریہ پاکستان فورم پرویز خالد شیخ کو خراج تحسین پیش کرنے کی تقریب ہوئی سابق وفاقی وزیر حاجی محمد اکرم انصاری، صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی، محمد پروفیشنل جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے صدر محمد صادق او، محمد ارشد قاسمی نے پرویز خالد شیخ کی فلاح انسانیت کے لیے کی گئی خدمات پر انہیں بھرپور خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ معاشرے میں پرویز خالد شیخ جیسے بے لوث فلاح کاروں کی وجہ سے روشنی ہے، ایک تواتر کے ساتھ اور ایک جہد مسلسل سے فلاحی کاموں کو جاری رکھنا نہایت قابل تحسین ہے ان کی عظمت ہے کہ اس گئے گزرے دور میں وہ پاکستان کی ایک اہم فلاحی تنظیم انجمن اسلامیہ کے صدر ہیں جس کی خدمات ایک صدی سے زائد عرصہ سے جاری ہیں، انجمن اسلامیہ کی طرف سے تعلیمی، فنی، بے سہارہ بچوں کی عملی کفالت (اپنا گھر) طبی، سپورٹس اور ادبی خدمات کا ایک ایسا سلسلہ جاری ہے جو کہ ادبی تنظیموں کی سرپرستی اسی طرح پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی ملک گیر تنظیم نظریہ پاکستان فورم کی مکمل سرپرستی ان کے وہ عظیم کارنامے ہیں تقریب سے رانا سکندر اعظم خان، چوہدری محمد نواز، ڈاکٹر آصف ظہور، افضال شاہین، حاجی محمد عابد، رانا وارث حسین، پروفیسر ریاض احمد قادری، اسلم بٹ نے بھی خطاب کیا۔

رات کے اندھیرے میں عام شہریوں پر حملہ مودی کے بزدلانہ رویئے کی عکاسی کرتا ہے

پاکستانی عوام ہر مشکل وقت میں اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہے: چوہدری آصف شوکت

پتوکی (نامہ نگار) رات کے اندھیرے میں عام شہریوں پر حملہ مودی کے بزدلانہ رویئے کی عکاسی کرتا ہے پاکستانی عوام ہر مشکل وقت میں اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار تاجر رہنماء چوہدری آصف شوکت، سید سبط حسن نقوی صدر ضلع بناؤ تحریک، شیخ طلحہ زبیر اوپل صدر انجمن تحفظ حقوق شہریان نے گزشتہ روز صحافیوں کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انکا مزید کہنا تھا کہ افواج پاکستان کسی بھی قسم کے دشمن کو سبق سکھانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے گزشتہ شب انڈیا کی بزدل کاروائی کا بھرپور جواب دیکر انڈیا کو دنیا میں شرمسار کر دیا۔ بزدل مودی اور اسکی افواج نے رات کے اندھیرے میں پاکستانی شہریوں پر حملے کر کے خطے میں نئی جنگ کا طبل بجایا ہے جسکا افواج پاکستان نے بھرپور جواب دیتے ہوئے انڈین جدید طیارے مار گرا دیا۔ پاکستانی قوم اپنی افواج کے ہمراہ ہر محاذ پر لڑنے کو تیار ہے تاکہ دشمن دوبارہ پاکستان کی سالمیت کو میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہ کرے۔ اس موقع پر انہوں نے اقوام متحدہ سمیت دیگر انٹرنیشنل اداروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی امن کی خواہش کو شاید انڈیا بزدلی سمجھ بیٹھا ہے اس لئے انڈین جنگی جنون کے خاتمے کے لئے عالمی قوتیں بھی اپنا کردار ادا کریں ورنہ خطے میں انڈین نقشہ مودی کے پاگل پن کی وجہ سے ختم ہو جائے گا۔

مصطفیٰ آباد: انڈیا کو منہ توڑ جواب دینے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں: محمد عمران سلفی

بھارت نے بزدلانہ حملہ کر کے ہمیشہ منہ کی کھائی ہے، معصوم شہریوں کو نشانہ عالمی دہشت گردی ہے

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) انڈیا کو منہ توڑ جواب دینے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، رات کی تاریکی میں بزدلوں کی طرح حملہ کرنا بھارت کی پرانی روایت رہی ہے، بھارت نے بزدلانہ حملہ کر کے ہمیشہ منہ کی کھائی ہے، معصوم شہریوں کو نشانہ عالمی دہشت گردی ہے، دنیا بھارت کو ایک دہشت گرد ملک قرار دے، انڈیا کو منہ توڑ جواب دینا پوری پاکستانی قوم کا مطالبہ ہے، ہم حکومت اور افواج پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں انڈیا نے رات کی تاریکی میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا جبکہ پاکستان دن کی اجالے میں انڈین آرمی کی تنصیبات کو نشانہ بنا کر انڈیا کی دھمکیوں والی زبان کو ہمیشہ کے لئے خاموش کروا دے، ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ دہشت گرد ملک سے تجارتی تعلقات منقطع کرے، ان خیالات کا اظہار صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی نے پریس کلب مصطفیٰ آباد کے ہنگامی اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں جنرل سیکرٹری سہیل ثمر سندھو، سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، چیئرمین عمر حیات میو، چیئرمین سپریم کونسل ملک محمد اقبال، سینیئر نائب صدر مہر فی مہران، محمد اکمل کھوکھر صدر یونین آف جرنلسٹ، مہر عبدالقیوم چیئرمین یونین آف جرنلسٹ، سیٹھ محمد حسین الیکٹرونک میڈیا، رانا توقیر احمد چیئرمین الیکٹرونک میڈیا، زرار علی خاں، ارشد علی شامی، شاہد عمر محمد طاہر میو، محمد جمیل سندھو، سیٹھ ابراہیم، سردار راشد ڈوگر، مہر اسد منیر، مہر مراد علی ایڈووکیٹ، ناصر سندھو، الیاس ملک، چوہدری اشتیاق، جمشید رشید میو، محمد جمیل رحمانی، ارشد علی جوئیہ، حافظ محمد طاہر اقبال، حاجی عبدالقادر، عمر شاہین، مہر صداقت علی، عادل نعمان مہر، مہر عدنان، ملک عاقب محمد اسماعیل، عریر اکیمر و دیگر صحافیوں کی بڑی تعداد افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی کی زیر صدارت ضلعی افیسران کا اجلاس

حکومتی احکامات کے تناظر میں تمام محکموں کو ایس او پیز کے مطابق تیاریوں کی ہدایت



ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی کی زیر صدارت پاک بھارت کے مابین موجودہ صورتحال کے تناظر میں ضلعی افسران کا خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو محمد اقبال سنگھیڑا، اے ڈی سی جنرل سید ایوب بخاری، اے ڈی سی سٹی پلاننگ مظفر مختار، اے سی سیالکوٹ اعظم بابر، اے سی سمبڑیال غلام فاطمہ بندیال، اے سی ڈسکہ عثمان غنی، سول ڈیفنس آفیسر شاہد پرویز، ڈی او ایمرجنسی نوید اقبال، انچارج ڈی ایمرجنسی کنٹرول روم یحیوان حسن، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چودھری، ایجوکیشن مجاہد حسین علوی، ایم ایس گورنمنٹ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال سہیل انجم بٹ، ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن سمیت متعلقہ محکموں کے مقامی حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے افسران کو کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کے لیے حکومتی ہدایات اور ایس او پیز کے مطابق اپنی تیاریاں مکمل رکھنے کی ہدایت کی ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ کسی بھی ہنگامی اطلاع یا مدد کے لیے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سینٹر کی ہاٹ لائن *9250011* یا *1718* پر رابطہ کریں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز کے دفاتر میں 24/7 ہاٹ لائنز قائم کی جائیں گی، جبکہ سول ڈیفنس کی پوسٹیں فعال کر دی گئی ہیں اور رضاکاروں کی فوری تربیت شروع کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔

بھارتی حملے کیخلاف چنیوٹ کے شہری سڑکوں پر نکل آئے، پاک فوج کے حق میں ریلی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان پر بھارتی حملے کے خلاف چنیوٹ کے شہری سڑکوں پر نکل آئے پاک فوج زندہ باد کے نعرے پاکستانی پرچم لہراتے ہوئے سینکڑوں افراد کی ریلی میں شرکت فضا نعرہ تکبیر کے نعروں سے گونجتی رہی، تفصیلات کے مطابق قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی میڈیا سیل پنجاب چنیوٹ کے پریس سیکرٹری پنجاب سیج محمد عثمان بھرا ڑہ کی زیر قیادت سینکڑوں افراد نے بھارتی حملے اور بھارتی جارحیت کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی ریلی میں سول سوسائٹی مختلف تنظیموں کے رہنماؤں اور شہریوں سکھ ویج برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی کے شرکاء نے بڑے بڑے بینرز پلے کارڈز اور پاکستانی پرچم اٹھا رکھے تھے جن پر پاکستان زندہ باد پاک فوج زندہ باد کے نعرے درج تھے مقررین صوبائی پریس سیکرٹری پنجاب سیج محمد عثمان بھرا ڑاہ نائب امیر جماعت اسلامی سید نور اکبر شاہ، ضلعی صدر عمر دراز بھٹی، ضلعی سینئر نائب صدر قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی میاں شاہد دستگیر نیلو کارہ، ملی مسلم لیگ ضلعی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالروف، عمر فاروق انجمن تاجران فہر نیچر ایسوسی ایشن ملک شہباز اختر سابقہ صدر واٹس ایپ گروپ، مسلم لیگ ن کے ضلعی سینئر نائب صدر شیخ نسیم الٰہی، انجمن تاجران مسلم بازار کے صدر خواجہ ندیم ملک مرید سلطان ٹوانہ زمرد محمد خان محمد قاسم علی بھرا ڑہ، شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ، حاجی ملک الطاف حسین اور سکھ برادری کے رہنما جنرل سنگھ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے بھارت نے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کر کے بزدلانہ اقدام اٹھایا ہے جس کا پاکستان ارمی نے بھرپور جواب دیا ہے جوابی کاروائی میں ہماری اور پاک فضائیہ کے جوانوں نے پانچ بھارتی جنگی طیارے مار گرائے ہم بھارتی جارحیت کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ملک کی بقا اور سلامتی کے لیے ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

سابق گروپ وارڈن ڈاکٹر محمد اقبال کی نماز جنازہ ادا کردی گئی

چیف وارڈن سول ڈیفنس وایگزیکٹوز نے میت پر قومی پرچم و پھول چڑھائے



سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق گروپ وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ ڈاکٹر محمد اقبال کی نماز جنازہ ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں جنازگاہ نزد گلستان چوک ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ سے قبل چیف وارڈن سول ڈیفنس جناب طاہر مجید کپور کھجیانب سے ان کی رہائش گاہ پر دونوں ڈویژن وارڈنز محمد اسلام میر و حدید احمد بٹ کی قیادت میں سول ڈیفنس باوردی ایگزیکٹوز و رضاکاران نے جنازہ کو کندھا دیتے ہوئے جنازگاہ تک پہنچایا اس دوران سول ڈیفنس وارڈنز نے ٹریفک ریگولیٹ کراتے ہوئے کشمیر روڈ کراس کرائی۔ جنازگاہ میں چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے ڈپٹی چیف وارڈن محمد ابراہیم وایگزیکٹوز وسلامی دستہ کے ہمراہ میت پر قومی پرچم و پھول چڑھائے اور مرحوم ڈاکٹر محمد اقبال کا آخری دیدار کیا۔ بعد ازاں نماز جنازہ میں شرکت کی۔ اس موقع پر چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے مرحوم کے پسماندگان ان کے بیٹوں کو دکھ کی اس گھڑی میں دلاسہ دیتے ہوئے انکو حوصلہ دیا۔ ڈپٹی چیف وارڈن محمد ابراہیم نے کہا کہ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کی قیادت میں ہم دکھ کی اس گھڑی میں مرحوم کے پسماندگان کیساتھ کھڑے ہیں۔

بھارت نے بزدلانہ حملہ کر کے اپنی موت اور تباہی و بربادی کو دعوت دی ہے: پروفیسر حمزہ مصطفائی

بھارت کی جانب سے رات کے اندھیرے میں کیے گئے حالیہ بزدلانہ حملے اور جارحیت ناقابل قبول، مذموم اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بھارت نے بزدلانہ حملہ کر کے اپنی موت اور تباہی و بربادی کو دعوت دی ہے۔ بھارت کی جانب سے رات کے اندھیرے میں کیے گئے حالیہ بزدلانہ حملے اور جارحیت ناقابل قبول، مذموم اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ نیز شہید ہونے والے نہتے شہریوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار جماعت اہلسنت پاکستان کے مرکزی نائب ناظم اعلیٰ اول پروفیسر حمزہ مصطفائی، صوبائی نائب ناظم اعلیٰ اول قاری عبدالرحیم، ڈویژنل ناظم اعلیٰ صاحبزادہ محمد عثمان غنی رکن مرکزی شوریٰ پیر محمد گلزار نقشبندی، ضلع اسلام آباد کے ناظم اعلیٰ راجہ ریاض حسین اور ICT کے ترجمان راجہ محمد نوید نقشبندی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بزدل دشمن بھارت نے احمد پور شرقیہ کی عظیم روحانی، علمی و دینی درسگاہ مسجد سبحان پر حملہ کر کے اپنے اسلام دشمن عزائم کو بے نقاب کر دیا ہے۔ اسی طرح مظفر آباد کے نواحی علاقے شاہی والی ظلہ میں مسجد بلال اور کوٹلی کی مسجد عباس، مریدکے میں مسجد ام القریٰ اور سیالکوٹ کے نواحی علاقے کوٹلی لوہاراں اور شکر گڑھ پر بھی حملے کیے گئے، جو بھارت کی طرف سے براہ راست پاکستانی دینی شخص پر حملے ہیں۔ مساجد اور عام شہریوں پر حملہ انتہائی بھیمانہ، بزدلانہ، ظالمانہ، شرمناک، مکارانہ اور احمقانہ ہے۔ بھارت نے اپنی تباہی و بربادی کو دعوت دے دی ہے۔ پروفیسر حمزہ مصطفائی نے کہا کہ یہ حملے دراصل بھارتی لڑاکا طیاروں اور میزائلوں کے ذریعے کیے گئے۔ حملے کے بعد بھاگنے والے بھارتی طیاروں کو پاک فضائیہ کے شیر دل شاہینوں نے تعاقب کر کے مار گرایا۔ ہم پاک فضائیہ کو سلام پیش کرتے ہیں۔ قائدین جماعت اہلسنت پاکستان نے اپنے مشترکہ بیان میں موقف اختیار کیا کہ پاکستانی دفاعی افواج نے اپنے ملکی دفاع میں کارروائی کرتے ہوئے بھارت کے 6 جنگی طیارے مار گرائے، جن میں 3 رافیل طیارے بھی شامل ہیں۔ جبکہ بھارتی طیاروں کو گرانے والے تمام پاکستانی جہاز بحفاظت واپس آ چکے ہیں اور دنیا کو پیغام دے چکے ہیں کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سمیت عالمی سطح پر واضح ہو چکا ہے کہ بھارتی طیارے اگر آئندہ بھی ایسا اقدام کریں گے تو ان کا حشر ایسا ہی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آمدہ اطلاعات کے مطابق لائن آف کنٹرول (LoC) پر بھی دشمن کو بری طرح پسپا کر دیا گیا ہے۔ پاک فوج کے جوانوں نے د

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

غزہ پر قبضہ کا منصوبہ

اسرائیل نے ایک ایسے موقع پر غزہ پر قبضے اور وہاں سے فلسطینیوں کو منتقل کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مشرق وسطیٰ کا دورہ کرنے والے ہیں۔ معلومات کے مطابق یہ دورہ 13 مئی کو شروع ہوگا اور ٹرمپ سعودی عرب، قطر اور متحدہ عرب امارات جائیں گے۔ حماس کا کہنا ہے کہ نئی اسرائیلی حکمت عملی دباو اور بلیک میل کا ہتھکنڈا ہے۔ یرغمالیوں کی رہائی کے لیے مکمل امن اور غزہ سے اسرائیلی فوج کا انخلا ضروری ہے۔ یہ قیاس کرنا ممکن نہیں ہے کہ حماس کس حد تک کسی ایسی اسرائیلی جنگ جوئی کا مقابلہ کرنے کی سکت رکھتی ہے جس میں اس کا ہدف صرف حماس کو ضرب لگانا نہ ہو بلکہ غزہ پر قبضہ کر کے، وہاں پر آباد فلسطینیوں کو پناہ گزین کیمپوں میں دھکیلنا ہوتا کہ اسے حماس کی صورت میں کسی قسم کا خطرہ لاحق نہ رہے۔ اب اسرائیل صرف حماس کو ختم کرنے یا اس کے جنگجوں کو غیر مسلح کرنے کا دعوی کرنے کی بجائے غزہ پر قبضہ کرنے اور وہاں آباد فلسطینیوں کو ان کی حفاظت کے لیے وہاں سے نکالنے کا اعلان کر رہا ہے۔ اس اعلان میں یہ گنجائش موجود نہیں ہے کہ فلسطینیوں کو غزہ سے نکلنے کا آپشن دیا جائے گا اور اگر وہ چاہیں تو وہاں سے منتقل ہو سکتے ہیں۔ بلکہ اسرائیل کی جنگی کابینہ یک طرفہ طور سے اس اقدام کا اعلان کر رہی ہے۔ اگرچہ یہ واضح نہیں ہے کہ فلسطینی باشندوں کو کہاں بھیجا جائے گا لیکن قیاس کیا جا سکتا ہے کہ انہیں جنوبی غزہ میں پناہ گزین کیمپوں میں محصور کر کے مکمل طور سے بے بس اور لاچار کر دیا جائے گا۔ اس طرح وہ خود ہی وہاں سے کسی دوسرے ملک کی طرف کوچ کرنے کا ارادہ کر لیں گے۔ یہ وہی منصوبہ ہے جس کا اعلان صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اقتدار سنبھالنے کے بعد کیا تھا۔ اس منصوبہ کے مطابق غزہ کے تمام باشندوں کو وہاں سے اردن اور مصر منتقل کیا جانا تھا اور غزہ کو خالی کروا کے وہاں دفاتر اور تفریحی مراکز تعمیر کیے جانے تھے۔ بعد میں ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ کو ایک سیاحتی مرکز کے طور پر پیش کرنے کے لئے مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ ایک ویڈیو بھی اپنے سوشل اکاونٹ پر جاری کی تھی۔ مصر، اردن اور سعودی عرب سمیت تمام عرب ممالک نے امریکی صدر کے اس منصوبہ کو مسترد کیا تھا۔ اور مصری تجویز پر مشتمل ایک عرب متبادل منصوبہ پیش کیا تھا۔ اس منصوبہ کے تحت عرب ممالک غزہ کی تعمیر نو کے لیے 50 ارب ڈالر فراہم کریں گے لیکن غزہ کے باشندوں کو وہاں سے منتقل کرنے کی بجائے وہیں رہنے دیا جائے گا۔ غزہ کی تعمیر نو کے منصوبہ پر عمل کرنے کا ایسا خاکہ تیار کیا جائے گا کہ وہاں کے باشندوں کی نقل مکانی کے بغیر جنگ کے بعد یہ خطہ تعمیر کیا جا سکے اور عام شہری زندگی معمول کے مطابق بحال ہو جائے۔ اس منصوبہ میں بھی البتہ تعمیر نو کے دوران حماس کا کوئی کردار موجود نہیں تھا بلکہ ماہرین پر مشتمل ایک عبوری حکومت قائم کرنے کی بات کی گئی تھی۔ اس عرب منصوبہ میں حماس کا براہ راست حوالہ نہیں دیا گیا تھا۔ اس سال جنوری میں امریکہ، قطر اور مصر کے تعاون سے طے پانے والے امن معاہدہ میں یرغمالوں کو رہا کرنے اور غزہ سے اسرائیلی فوجوں کی مکمل واپسی پر اتفاق ہوا تھا۔

معاہدے کے پہلے دور میں یرغمالوں کی رہائی اور ان کے بدلے سینکڑوں فلسطینی قیدیوں کو اسرائیلی جیل خانوں سے چھوڑنے کا معاہدہ ہوا تھا۔ دو ماہ تک اس جنگ بندی پر عمل ہوا جس کے دوران ڈیڑھ سو کے لگ بھگ اسرائیلی یرغمالی رہا کیے گئے۔ تاہم اسرائیل نے 2 مارچ سے یہ عذر پیش کرتے ہوئے کہ اقوام متحدہ اور دیگر ایجنسیوں کے تحت غزہ آنے والی امداد حماس کے جنگجو لوٹ لیتے ہیں، غزہ کو ہر قسم کی امداد کا سلسلہ روک دیا۔ غزہ کو خوراک اور ادویات کی فراہمی اب تک معطل ہے اور اقوام متحدہ متنبہ کر چکی ہے کہ اس سے قحط کی صورت حال پیدا ہو سکتی ہے۔ البتہ اسرائیل اس بلاکیڈ کو ختم کرنے پر راضی نہیں ہوا۔ دوسری طرف 18 مارچ سے اسرائیل نے حماس کے ساتھ جنگ بندی کا معاہدہ یک طرفہ طور سے ختم کرتے ہوئے غزہ پر باقاعدہ حملے شروع کر دیے اور افواج کو دوبارہ غزہ میں داخل ہونے کا حکم دیا۔ اس وقت غزہ کے ایک تہائی علاقے پر اسرائیلی فوج قابض ہے جسے سیکورٹی زون کا نام دے کر جائز قرار دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ تاہم اسرائیلی حکومت کے تازہ بیانات سے واضح ہو رہا ہے کہ اب وہ غزہ پر زبردستی قبضہ کرنے اور وہاں سے فلسطینیوں کو نکال دینے کے منصوبہ پر عمل کرنا چاہتی ہے۔ وزیر اعظم نیتن یاہو نے آج ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ کہ ان کی جنگی کابینہ نے فوج کے سربراہ ایال زمیر کی سفارش پر غزہ کے لیے ایک نئی جنگی حکمت عملی تیار کی ہے۔ اس کے تحت اسرائیلی فوج غزہ میں قلیل مدت قیام کے لیے نہیں جائے گی بلکہ نیا فوجی آپریشن اس سے برعکس ہوگا۔ متعدد اسرائیلی اہلکاروں اور مبصرین نے وضاحت کی ہے کہ اسرائیل اب غزہ پر مکمل قبضہ کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ اس منصوبہ کے مطابق اسرائیل نے اعلان کیا ہے

ریلوے درست سمت کی طرف گامزن


تحریر: سید اعجاز الحسن

پاکستان ریلوے کے حالات پہلے سے بہت بہتر ہوئے ہیں اور درست سمت کی طرف گامزن ہے تاہم اس میں مزید بہتری کی گنجائش رہتی ہے اور اس کے لیے وزیر ریلوے اپنی ریلوے ٹیم کے ساتھ انقلابی انداز سے کام کو آگے بڑھا رہے ہیں تا کہ ریلوے کو مزید فعال اور مضبوط بنایا جائے۔ پاکستان ریلوے موجودہ حکومت کی پالیسیوں کو سامنے رکھتے ہوئے ریلوے کے تجارتی امور کو آگے بڑھا رہا ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ریلوے کی وزارت سنبھالتے ہی اپنی ترجیحات کے بارے میں نہ صرف ریلوے حکام بلکہ میڈیا کے توسط سے عام پبلک کو بھی واضح پیغام پہنچایا۔ انہوں نے ترجیحات کا تعین کرتے ہوئے کہا کہ ریلوے کو منافع بخش ادارہ بنانا میرا مشن، فریٹ ٹرینوں سے آمدن میں اضافہ، ریلوے زمینوں کو صحیح مصرف میں لا کر آمدن میں اضافہ کرنا، آؤٹ سورسنگ کے ذریعے ریلوے کے مختلف شعبوں میں بہتری لانا، مسافروں کے لیے سفری سہولیات میں اضافہ، ٹرینوں اور ریلوے اسٹیشنوں پر صفائی ستھرائی کے نظام میں مزید بہتری لانے، ریلوے تنصیبات سمیت ٹرینوں کی سیکورٹی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، مختلف سیکشنوں پر بند کی گئی ٹرینوں کی مرحلہ وار بحالی اور بنیادی ڈھانچے کو نہ صرف بہتر بلکہ مضبوط بنایا جائے گا۔ وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے باقاعدہ اخبارات میں اشتہار بھی جاری کیا جا چکا ہے اور روڈ شو بھی منعقد کیے جا رہے ہیں تا کہ پرائیویٹ سیکٹر کی شمولیت کو یقینی بنا کر ریلوے کو سالانہ اربوں روپے کی بچت ہو سکے۔ وزیر ریلوے پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ پاکستان ریلوے قومی اثاثہ ہے اس کی نجکاری ہرگز نہیں کریں گے بلکہ ریلوے کے نظام کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔ جس کے لیے صرف ایک پائیدار شفاف شراکت داری کے ماڈل پر کام شروع کیا جا چکا ہے۔ ریلوے زمینوں کے حوالے سے یہ بات کی جا چکی ہے کہ ریلوے کی تمام ایسی اراضی جہاں پر لوگوں نے ناجائز تجاوزات یا غیر قانونی سہارا لیتے ہوئے قبضے کیے ہوئے ہیں ان کو ہر حالت میں واگزار کروا کر ریلوے کے سسٹم میں شامل کیا جائے گا۔ چونکہ پاکستان ریلوے کے پاس ایسی پراپم کوالیفائیڈ زمینیں موجود ہیں جنہیں شفاف اور معیاری بنیادوں پر لیز آؤٹ کر کے ریلوے کے خزانے میں اربوں روپیہ جمع کیا جا سکتا ہے۔ ریلوے کے تمام ڈویژنل آفسز نے ریلوے کی زمینوں کو واگزار کروانے کے لیے کمر کستے ہوئے اینٹی انکروچمنٹ آپریشن شروع کیے ہوئے ہیں جس سے سینکڑوں ایکڑ ریلوے اراضی اب تک قبضہ مافیا سے واگزار کروائی جا چکی ہے۔ جس کی مالیت اربوں روپے میں بنتی ہے۔ وزیر ریلوے کی خصوصی ہدایت پر پاکستان ریلوے نے عید الفطر کے موقع پر پانچ سپیشل ٹرینیں چلائیں اور انہیں مقررہ وقت پر ان کی منزلیں مقصود پر پہنچایا گیا اور اس کے علاوہ تمام ٹرینوں کی تمام کلاسز میں عید کے تینوں روز ریلوے کرایوں میں 20 فیصد تک کی کمی کی گئی جس کا بھرپور فائدہ مسافر حضرات نے اٹھایا اور ریلوے کو بھی خاطر خواہ آمدنی حاصل ہوئی۔ پاکستان ریلوے کے پاس اب مسافر اور فریٹ کو چز کی تیاری کے لیے جدید ٹیکنالوجی موجود ہے جس کی مدد سے مقامی سطح پر اپنی ورکشاپس میں فریٹ اور پسنجر کی نئی کوچز تیار کی جا رہی ہے۔ ابھی چند روز پہلے ہی وفاقی وزیر ریلوے نے ورکشاپس مغلپورہ میں تیار کی گئیں ہائی کیپسٹی فلیٹ فریٹ ویگنز کا کینٹ ریلوے اسٹیشن پر افتتاح کیا اور انہیں ریلوے کے بیڑے میں شامل کیا گیا۔ جبکہ کیرج فیکٹری اسلام آباد میں جدید سہولیات سے مزین پسنجر کوچز تیار کی جا رہی ہیں تا کہ مسافروں کو بہترین سفری سہولتیں سے آراستہ مسافر کوچز دستیاب ہو سکیں اور ان کا سفر پرسکون اور آرام دے ہو سکے۔ پاکستان ریلوے نے مالی سال 2024-25 کے ابتدائی 10 ماہ میں ریکارڈ 75 ارب آمدنی حاصل کی ہے۔ جس میں فریٹ سیکٹر سے 40 ارب روپے، مسافر ٹرینوں سے 26 ارب روپے جبکہ ریلوے زمینوں اور دیگر ذرائع سے 9 ارب روپے کمائے جا چکے ہیں۔ واضح رہے کہ حکومت پاکستان کی طرف سے ریلوے کو رواں مالی سال میں 109 ارب روپے آمدنی حاصل کرنے کا ٹارگٹ ملا ہوا ہے جس کے لیے پاکستان ریلوے نے تمام شعبوں میں ترقی کے عمل کو تیز کیا ہوا ہے تا کہ پچھلے مالی سال کی حاصل کردہ آمدنی 88 ارب کا اپنا ہی ہدف نہ صرف توڑا جائے بلکہ حکومتی ٹارگٹ کو بھی مکمل کرنے کی بھرپور کوشش کی جا رہی ہے۔ آمدنی اور ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ کے باوجود آپریشنل اور فیول اخراجات میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے۔ پاکستان ریلوے انٹر ریجنل کنیکٹیویٹی کے منصوبوں کو اہمیت دے رہا ہے اور ان منصوبوں پر عمل درآمد کے لیے بیرون ممالک سے وفود پاکستان آ بھی رہے ہیں اور پاکستان سے بیرون ملک جا بھی رہے ہیں تا کہ ان پر تیزی سے عمل درآمد ہو سکے۔ اس کے علاوہ تھر کول منصوبہ سندھ حکومت اور پاکستان ریلوے دونوں کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے جس کے لیے پاکستان ریلوے ایک نئی لائن بچھانے کے لیے تیزی سے کام کر رہا ہے تا کہ منصوبہ مقررہ وقت میں مکمل کر کے کول کی ٹرانسپورٹیشن شروع کر سکے۔ اس منصوبے کی تکمیل سے سندھ حکومت اور ریلوے دونوں کو مالی فائدہ حاصل ہو گا۔ وزیر ریلوے ملک بھر کے ریلوے اسٹیشنوں کے دورے کر رہے ہیں تا کہ مسافروں کو دی جانے والی سہولتوں اور صفائی ستھرائی کے معیار کو عالمی معیار کے مطابق کیا جا سکے۔ صوبائی فوڈ اتھارٹیوں کو ریلوے اسٹیشنوں پر بغیر اجازت کھانے پینے کا معیار چیک کرنے کی اجازت ہوگی۔ ریلوے اسٹیشنوں پر صفائی ستھرائی کے انتظامات ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے حوالے کیے جا رہے ہیں۔ راولپنڈی ریلوے اسٹیشن کی ذمہ داری کمپنی کو دے دی گئی۔ مرحلہ وار تمام اسٹیشنوں کی صفائی آؤٹ سورس کی جائے گی۔ ابتدائی مرحلہ میں لاہور، فیصل آباد، گجرانوالہ، خانیوال اور ملتان کے ریلوے اسٹیشن بھی کمپنی کے حوالے کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ سندھ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی سے بھی بات کے لیے افسران کو ٹاسک دے دیا ہے۔ اس اقدام سے ریلوے سے سفر کرنے والے مسافروں کو بہتر اور خوشگوار ماحول میسر آئے گا۔ پہلی دفعہ وزیر ریلوے کے احکامات کی روشنی میں پاکستان ریلویز نے تمام کلاسز سیلونز بشمول وزیر اعظم پاکستان کے استعمال میں رکھی گئی سیلون کو بھی مسافروں کی بکنگ کے لیے پیش کر دیا ہے۔ اس سے قبل کوئی بھی مسافر وزیر اعظم پاکستان، وزیر ریلوے، چیئرمین، سی ای او اور آئی جی کے سیلون کی بکنگ نہیں کروا سکتے تھے۔ پاکستان ریلوے نے کلاسز سیلونز کے ڈسکاؤنٹ کرایوں کا باقاعدہ شیڈول جاری کرتے ہوئے وزیر اعظم سیلون کا کراچی سے لاہور تک کا کرایہ 6 لاکھ روپے اور لاہور سے اسلام آباد کا کرایہ ڈیڑھ لاکھ روپے رکھا ہے جبکہ دیگر سیلونز کا کرایہ مسافر کے لیے کراچی سے لاہور 4 لاکھ روپے اور لاہور سے اسلام آباد کا کرایہ ایک لاکھ روپے رکھا گیا ہے۔ ہر سیلون میں 10 افراد سفر کر سکیں گے۔ یقیناً یہ بات قابل ذکر ہے کہ ان چھوٹے چھوٹے اقدامات کی بدولت ریلوے ٹرینوں کی پنکچوئلٹی میں نہ صرف بہتری آئی ہے بلکہ ریلوے کے ذریعے سفر کرنے والے مسافروں میں بھی بہت حد تک اضافہ ہوا۔ پاکستان ریلوے جس جستجو اور ترقی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے اس سے نہ صرف ملکی بلکہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بھی حاصل کر سکے گا۔

برصغیر میں کرپشن کا آغاز

تحریر سید خالد جاوید بخاری

ایک تحقیقی مضمون جس میں لارڈ کلائیو کے کردار، برصغیر میں کرپشن کے آغاز اور اس کے اثرات پر روشنی ڈالی گئی ہے، ساتھ ہی مستند حوالہ جات اور اقتباسات بھی شامل کیے گئے ہیں: برصغیر میں کرپشن کے فروغ میں لارڈ کلائیو کا کردار: ایک تحقیقی جائزہ عبار فہر صغیر، جو صدیوں تک روحانی، اخلاقی اور معاشرتی اقدار کا گہوارہ رہا، سترھویں صدی کے اختتام تک ایک پیچیدہ لیکن مستحکم سماجی و انتظامی ڈھانچے کا حامل تھا۔ اگرچہ مغل دور میں بعض کمزوریاں پیدا ہو چکی تھیں، لیکن مجموعی طور پر انتظامی نظام شفافیت پر مبنی تھا۔ 18ویں صدی میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی مداخلت، اور خاص طور پر لارڈ رابرٹ کلائیو کی پالیسیوں نے کرپشن کو ادارہ جاتی شکل دی، جس کے اثرات آج تک محسوس کیے جا رہے ہیں۔ لارڈ کلائیو کا پس منظر اور آمد لارڈ کلائیو نے 1757 میں جنگِ پلاسی کے بعد بنگال پر قبضہ حاصل کیا، اور 1765 میں دوبارہ گورنر اور کمانڈر انچیف کی حیثیت سے واپس آیا۔ اس نے ایسٹ انڈیا کمپنی کی بنیادوں کو مضبوط کیا لیکن ساتھ ہی مالی استحصال اور بدعنوانی کو بھی فروغ دیا۔ اقتباس: "صرف ایک سال میں کلائیو نے 11 لاکھ 70 ہزار ڈالر کی رشوت لی اور 1 لاکھ 40 ہزار ڈالر سالانہ نذرانہ لینا شروع کیا۔)" بحوالہ: برطانوی پارلیمنٹ کی تحقیقاتی رپورٹ، (1773 کرپشن کا آغاز اور ادارہ جاتی شکلاارڈ کلائیو نے مقامی نوابوں اور زمینداروں کو تحفوں اور رشوت کے ذریعے قابو میں رکھا۔ اس نے "ڈوئل گورنمنٹ " کا نظام رائج کیا، جس میں کمپنی کو محصول جمع کرنے کا حق ملا لیکن ذمہ داری مقامی حکام پر ڈالی گئی، یوں جوابدہی کا نظام ختم ہو گیا۔

تحقیقی تجزیہ: تاریخ دان ولیم ڈالرمپل لکھتے ہی برصغیر میں پہلے کرپشن کی نوعیت مغل دور میں بھی اگرچہ بعض اہلکار بدعنوان تھے، مگر یہ نظام کا حصہ نہیں تھا بلکہ انفرادی عمل تھا۔ اکبر اعظم نے محاسبہ دیوان جیسے احتسابی ادارے قائم کیے تھے تا کہ مالی شفافیت قائم رہے۔

برطانوی آمد سے پہلے کرپشن کو بدنامی اور اخلاقی گراوٹ سمجھا جاتا تھا، مگر کلائیو کے بعد یہ ترقی کا ذریعہ بن گئی۔ اثرات و نتائج لیاقتی اداروں میں بے ضابطگیاں دیوانی انتظامیہ کی زوال پذیر یعوامی وسائل کی نجی ملکیت میں تبدیلی۔ اخلاقی اقدار کی پامالی اقتباس: "کلائیو نے کرپشن کو حکمرانی کی بنیاد بنا دیا۔

اس کا اثر آج تک برصغیر کی بیوروکریسی میں دیکھا جا سکتا ہے۔)" بحوالہ: ڈاکٹر مبارک علی، تاریخ کے آئینے میں برصغیر (لارڈ کلائیو نے صرف سیاسی فتوحات حاصل نہیں کیں، بلکہ ایک ایسا سماجی زہر بھی پھیلایا جس نے برصغیر کی انتظامی، اخلاقی اور عدالتی بنیادوں کو کھوکھلا کر دیا۔ کرپشن کو سرکاری سطح پر رائج کر کے اس نے ایک ایسا نظام چھوڑا جو

ترکوں کا ہیرو، اپنے گھر میں اجنبی!

تحریر: عرفان صدیقی

میں یہ کالم کم وبیش ایک صدی پہلے کے قسطنطنیہ اور آج کے استنبول سے لکھ رہا ہوں۔ کل مجھے ایک پاکستانی کی صد سالہ برسی کی تقریب میں شرکت کرنی ہے۔ ترک قوم اسے اپنا ہیرو مانتی، اپنا فرزند کہتی ہے۔ صدر طیب اردوان جب بھی پاکستان آئے، کسی نہ کسی تقریب میں اس کا ذکر ضرور کیا۔ ذکر بھی ایسا کہ ایک ایک لفظ گہری محبت کی خوشبو سے مہک رہا تھا۔ کیا قوم ہے کہ ایک سو سال بعد بھی مادرِ مشفق کی طرح اسے سینے سے لگائے بیٹھی ہے۔ اور ہم بھی کیا لوگ ہیں کہ اپنی تاریخ کے ایک جری کردار کے نام تک سے واقف نہیں۔ مدتوں پہلے تنگ دستی کا ڈسا ایک خاندان، بارہ مولا سے ہجرت کر کے پشاور منتقل ہو گیا، جوان دِنوں انگریز فوج کی ایک بڑی چھاؤنی تھا۔ ہجرت کے بعد پروان چڑھنے والی دوسری نسل کے ایک ہنرمند جوان نے اپنی ہی نہیں پورے خاندان کی قسمت بدل ڈالی۔ یہاں تک کہ اس کا شمار امیر ترین لوگوں میں ہونے لگا۔ اسے پشاور کا رئیس التجار یعنی تاجروں کا بادشاہ کہا جانے لگا۔ حاجی غلام صمدانی نے یکے بعد دیگرے چھ شادیاں کیں۔ کثیر المال بھی ٹھہرے اور کثیر العیال بھی۔ چھ بیویوں سے تیرہ بیٹے پیدا ہوئے اور پانچ بیٹیاں۔ ایک بیٹے کی پیدائش سے پہلے عجب خواب دیکھا۔ ایک نہایت ہی چمکدار ستارہ، اپنی شعاعیں بکھیرتا طشتِ فلک سے ٹوٹا اور غلام صمدانی کی دستار میں آ ٹِکا۔ بزرگوں نے تعبیر بتائی کہ تمہارے ہاں ایک خوش خصال بیٹا پیدا ہوگا جو تمہاری عزت کو چار چاند لگا دے گا۔ دسمبر 1886 میں پیدا ہونیوالے اِس بچے کا نام عبدالرحمٰن رکھا گیا۔ قرآن کے چودہ سپارے حفظ کرنے کے بعد وہ مقامی اسکول میں داخل کرا دیا گیا۔ ساتویں جماعت پاس کی تھی کہ والد نے مزید اعلیٰ تعلیم کیلئے 1906 میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علی گڑھ بھیج دیا۔ انگریز کی غلامی اور امت مسلمہ بالخصوص ترکی کے احوال نے نوجوان عبدالرحمٰن کے دل میں انقلاب کی چنگاری سلگا رکھی تھی۔ حسرت موہانی کا قیام بھی ان دِنوں علی گڑھ میں تھا جو وہاں سے اردوئے معلیٰ کے نام سے ایک رسالہ نکال رہے تھے۔ حسرت موہانی کے باغیانہ خیالات کی وجہ سے علی گڑھ کالج نے اِس رسالے پر پابندی عائد کر رکھی تھی لیکن عبدالرحمٰن کے تکیے تلے یہ رسالہ پڑا رہتا۔ وہ اکثر حسرت موہانی سے ملنے بھی چلا جاتا۔ اپریل 1908 کے شمارے میں مِصر میں انگریزوں کی پالیسیوں کیخلاف ایک زور دار مضمون شائع ہوا۔ مضمون نگار کے نام کی جگہ لکھا تھا۔ ایک طالبعلم۔ علی گڑھ کالج میں کہرام مچ گیا۔ حسرت موہانی تو گرفتار ہو گئے۔ دو سال قید بامشقت کی سزا پائی اور جیل چلے گئے۔ علی گڑھ کی انتظامیہ ایک طالب علم کا سراغ لگاتے لگاتے عبدالرحمٰن تک پہنچی۔ اسے تین سال کیلئے کالج بدر کر دیا گیا۔ عبدالرحمٰن تعلیم جاری رکھنے کی جدوجہد میں شملہ چلا گیا۔ اس کی عمر بہ مشکل بیس برس تھی لیکن اچانک وہ دِل کی کسی پیچیدہ اور کربناک بیماری کا شکار ہو کر طبیبوں، ڈاکٹروں اور ہسپتالوں کا ہو کے رہ گیا۔ 1911 میں تین سالہ کالج بدری کا دور ختم ہوا تو وہ علی گڑھ کالج واپس آ گیا۔

پاکستانی قوم

پاکستانی فوج کے کور کمانڈرز کی کانفرنس نے کسی بھارتی جارحیت کا یقینی اور فیصلہ کن جوب دینے کا عزم دہرایا ہے۔ تاہم اس دوران امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی طرف سے پاکستان کو بالواسطہ طور سے پہلگام دہشت گرد کا قصوروار قرار دینے پر کوئی ردعمل سننے میں نہیں آیا۔ جے ڈی وینس کا بیان فوکس نیوز پر ایک انٹرویو کی شکل میں سامنے آیا ہے۔ انٹرویو کے دوران ایک سوال کے جواب میں پہلگام سانحہ کے بعد برصغیر کی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ یک طرفہ بیان دیا گیا ہے۔ انہوں نے پہلگام سانحہ کا الزام جزوی طور سے پاکستان کی طرف منتقل کرنے کی کوشش کی۔ یہ بیان نامناسب اور قابل گرفت ہے۔ پراسرار طور سے پاکستانی حکومت نے اس کا نوٹس لینے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ اس کی بجائے پاکستانی ترجمانوں کا سارا زور بھارت کی مذمت کرنے، پہلگام کو فالس فلیگ آپریشن قرار دینے اور کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر صرف ہو رہا ہے۔ حیرت انگیز طور پر آج راولپنڈی میں جنرل عاصم منیر کی صدارت میں منعقد ہونے والی کور کمانڈرز کانفرنس میں بھی اس قابل اعتراض اور پاکستانی نقطہ نظر سے تشویشناک بیان کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ بلاشبہ پاکستان ایک چھوٹا ملک ہے اور اس کا امریکہ کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں ہے لیکن جس قومی وقار اور خود مختاری کا پاٹھ پاکستانی قوم کو گزشتہ منگل سے پڑھایا جا رہا ہے، اس کا تقاضا ہے کہ پاکستانی حکومت اپنی نیک نیتی پر اٹھائے گئے سنگین الزام کا فوری جواب دے اور امریکہ کو باور کرایا جائے کہ نائب صدر وینس نے بھارتی پروپیگنڈا کے زیر اثر بے بنیاد بیان دیا ہے۔ پاکستان کو اس بیان سے فوری اور سختی سے لاتعلقی ظاہر کرنی چاہیے۔ ملکی میڈیا بھی نائب صدر وینس کے بیان کا مناسب تجزیہ کرنے اور اس میں بعض اشاروں کو بے بنیاد بتانے میں کامیاب نہیں ہوا۔ 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر کے مقام پہلگام میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے 26 سیاحوں کو ہلاک کر دیا تھا۔ اس کے بعد سے بھارتی ذرائع نے پاکستان پر اس دہشت گردی کا الزام لگاتے ہوئے انتقام لینے کا بیانیہ بنانے کی کوشش کی ہے۔ بھارتی حکومت نے براہ راست پاکستان پر الزام عائد نہ کرنے کے باوجود فوری طور سے پاکستان مخالف اقدامات کیے جن میں سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے اور پاکستان کا پانی بند کرنے کا اقدام سب سے زیادہ سنگین اور دونوں ملکوں کے درمیان حقیقی تصادم کا سبب بن سکتا ہے۔ امریکہ سمیت دنیا کے بیشتر ممالک نے پہلگام میں ہونے والی دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور بھارتی حکومت کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا ہے۔ پاکستان نے بھی اس وقوعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا لیکن اس کے ساتھ ہی اس واقعہ سے مکمل لاتعلقی ظاہر کی گئی ہے اور بھارت کے ان الزامات کو مسترد کیا گیا ہے کہ پہلگام



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

دہشت گردی میں ملوث عناصر سے پاکستان یا یہاں سے فعال کسی گروہ کا کوئی ہاتھ ہو سکتا ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے اسی پاکستانی موقف کو مسترد کرتے ہوئے پاکستان کو مشورہ دیا ہے

کہ جس حد تک اس کی سرزمین سے دہشت گرد اس واقعہ میں ملوث تھے، پاکستان کو چاہیے کہ وہ انہیں پکڑنے اور انجام تک پہنچانے میں بھارتی حکومت کے ساتھ تعاون کرے۔ وینس کے اس بیان میں پاکستانی موقف کو مکمل طور سے نظر انداز کیا گیا اور بھارت کے ساتھ مکمل امریکی یک جہتی ظاہر کی گئی ہے۔ پاکستان کی طرف سے ایسے خطرناک بیان کا نوٹس نہ لینا، اس جرم کی بالواسطہ ذمہ داری قبول کرنے کے مترادف ہے۔ جے ڈی وینس نے فوکس نیوز پر انٹرویو میں پاک بھارت کشیدگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ بھارت اس دہشت گردانہ حملے کا اس طرح جواب دے گا جس سے وسیع تر علاقائی تنازع پیدا نہ ہو۔ اور ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان، جس حد تک ذمہ دار ہے بھارت کے ساتھ تعاون کرے گا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جو دہشت گرد اس کی سرزمین سے کارروائی کرتے ہیں ان کو نشانہ بنایا جائے اور ان سے نمٹا جائے۔ امریکی نائب صدر کے بیان میں دو نکات اہم ہیں۔ ایک تو یہ کہ وہ بھارت کو پاکستان کے خلاف محدود کارروائی کی دعوت دے رہے ہیں۔ بس انہوں نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ بھارت کا جواب ایسا ہو کہ اس سے کوئی بڑی جنگ نہ شروع ہو جائے۔ اس بیان میں بھارت کے حملہ کا ذکر کرتے ہوئے پاکستان کے اس عزم کو قطعی طور سے کوئی اہمیت دینے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی کہ وہ بھی کسی بھارتی ایڈونچر کا ترکی بہ ترکی جواب دے گا اور یہ کارروائی فوری طور سے ہوگی۔ یہ موقف آئی ایس پی آر کے علاوہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر بھی دہرا چکے ہیں۔ بلکہ آج منعقد ہونے والی کور کمانڈرز کانفرنس میں بھی یہی کہا گیا ہے کہ جنگ مسلط کرنے کی کسی بھی کوشش کا یقینی اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔

آئی ایس پی آر کی پریس ریلیز کے مطابق کور کمانڈرز کانفرنس میں خطے کی موجودہ صورتحال بالخصوص پاکستان اور انڈیا کے درمیان کشیدگی اور علاقائی سلامتی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر مسلح افواج نے کسی بھی جارحیت یا مہم جوئی کے خلاف ملک کی خود مختاری اور علاقائی سلامتی کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج دفاع وطن کے لیے اپنے عوام کے ساتھ متحد ہو کر کھڑی ہیں۔

یہ پریس ریلیز پاکستانی موقف کو صراحت کے ساتھ بیان کرتی ہے۔ اس میں پہلگام سانحہ کی کسی قسم کی ذمہ داری قبول کرنے کا کوئی اشارہ نہیں ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی حیرت انگیز طور پر امریکی نائب صدر کے الزام تراشی پر مبنی بیان کو نظر انداز کرنا مناسب سمجھا گیا ہے۔ حالانکہ وینس نے اپنے مختصر تبصرے کے دوسرے حصے میں پاکستان کو اپنے حصے کی ذمہ داری قبول کرنے اور دہشت گردوں کو پکڑنے کے لیے بھارت کے ساتھ تعاون کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ دیکھا جا سکتا ہے کہ جے ڈی وینس نے بھارت کی حمایت میں بیان دیتے ہوئے برصغیر میں جنگ کی ہولناکی کا ذکر کرنا ضروری نہیں سمجھا۔ نہ ہی یہ وضاحت کی گئی ہے کہ پاکستان تو اس واقعہ سے مکمل لاتعلقی ظاہر کرتا ہے

پھر امریکہ جیسی بڑی طاقت کا نائب صدر کس بنیاد پر پاکستان کو اپنے حصے کی ذمہ داری قبول کرنے اور تحقیقات میں بھارت کے ساتھ تعاون کرنے اور پاکستانی سرزمین میں دہشت گردوں کا پیچھا کرنے کا مشورہ دے رہا ہے۔ اگرچہ ڈی وینس نے یہ سوال اٹھانے کی ضرورت محسوس نہیں کی تو پاکستانی حکومت کو فوری طور سے اس پر اپنا ردعمل اور ناراضی رجسٹر کرانی چاہیے تا کہ ایک نئے معاملہ میں پاکستان کو دہشت گردی کا معاون قرار دے کر بعد میں اس کے خلاف مقدمہ بنانے کی کوشش نہ کی جائے۔ پاکستان پہلے ہی عالمی سفارتی تنہائی کا سامنا کر رہا ہے اور بھارت ایک سانحہ کی تحقیقات کے بغیر پاکستان کو سزا دینے کا اعلان کر رہا ہے۔ اب امریکی حکومت اس موقف کی تائید کر رہی ہے۔ یہ صورت حال پاکستان کی خود مختاری کے لیے شدید تشویش کا سبب ہونی چاہیے۔

جنوبی ایشیا میں ایٹمی جنگ

تحریر: میاں افتخار احمد

کولڈ سٹارٹ ڈاکٹرائن جنوبی ایشیا میں ایٹمی جنگ کے امکانات اور عالمی طاقتوں کا کردار

بھارت اور پاکستان کے درمیان تعلقات ہمیشہ سے کشیدہ رہے ہیں، جن کی بنیاد 1947





اسلام آباد: اسلام آباد ماڈل کالجز کی لڑکیاں "اسپورٹس کے ذریعے پل تعمیر کرنے " کی کلینک کے دوران فٹ بال کی مشقوں میں سرگرمی سے حصہ لیتی ہیں

آئی پی ایل کو اہمیت دینے پر سابق انگلش کپتان اپنے ہی بورڈ پر برس پڑے

جیکب بیتھل کو ٹیسٹ کرکٹ کے بجائے آئی پی ایل کی اجازت دینے پر بورڈ پر سخت تنقید

لندن (پی ایم این) بھارتی کرکٹ لیگ آئی پی ایل کو اہمیت دینے پر سابق انگلش کپتان مائیکل ایتھرٹن انگلینڈ کرکٹ بورڈ پر برس پڑے اور آڑے ہاتھوں لے لیا۔ بھارت میں جاری کرکٹ لیگ آئی پی ایل متنازع ہوتی جارہی ہے۔ ایک جانب رواں سیزن میں میچ فکسنگ کی خبریں گردش کررہی اور کھلاڑیوں کے تنازعات اور جھگڑے میڈیا کی زینت بن رہے ہیں تو دوسری جانب غیر ملکی سابق کرکٹرز بھی اس حوالے سے آواز اٹھا رہے ہیں۔ ان میں سابق انگلش کپتان مائیکل ایتھرٹن بھی شامل ہیں جو انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کو اہمیت دینے پر انگلینڈ کرکٹ بورڈ پر برس پڑے اور انہوں نے جیکب بیتھل کو ٹیسٹ کرکٹ کے بجائے آئی پی ایل کی اجازت دینے پر بورڈ کو آڑے ہاتھوں لیا۔ مائیکل ایتھرٹن کا موقف ہے کہ بیتھل ای سی بی کے سینٹرل کانٹریکٹ میں شامل ہیں، اس لیے انہیں ٹیسٹ کے لیے دستیاب ہونا چاہیے تھا۔ انگلینڈ کرکٹ بورڈ کو اپنے موقف پر قائم رہنا چاہیے۔ واضح رہے کہ انگلینڈ کی کرکٹ ٹیم کو رواں ماہ 22 مئی سے زمبابوے کے خلاف واحد ٹیسٹ میچ کھیلنا ہے۔ تاہم کئی انگلش کھلاڑی آئی پی ایل میں مصروفیت کے باعث قومی ذمہ داری ادا نہیں کریں گے۔

بھارتی کرکٹ ٹیم کے اہم سینئر کھلاڑی محمد شامی کو قتل کی دھمکی موصول

محمد شامی کے بھائی حسیب احمد نے پولیس تھانے جا کر ایف آئی آر درج کرائی ہے



نئی دہلی (این این آئی) موجودہ بھارتی کرکٹ ٹیم کے اہم سینئر کرکٹر کو قتل کی دھمکی دی گئی ہے کھلاڑی کو دھمکی آمیز ای میل موصول ہوئی ہے۔ بھارت میں اس وقت انڈین پریمیئر لیگ جاری ہے اور بلیو شرٹس ٹیم کے تمام اہم کھلاڑی اس لیگ میں ایکشن میں دکھائی دے رہے ہیں۔ تاہم اسی دوران ایک سینئر کھلاڑی اسٹار فاسٹ بولر محمد شامی کو جان سے مارنے کی دھمکی موصول ہوئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق آئی پی ایل 2025 میں سن رائزرز حیدرآباد کے لیے کھیلنے والے محمد شامی کو دھمکی آمیز ای میل موصول ہوئی ہے جس میں انہیں جان سے مارنے کی دھمکی دی گئی ہے۔ کرکٹر کے اہلخانہ سے پولیس میں شکایت درج کرا دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اتر پردیش کے رہائشی احمد نے پولیس تھانے جا کر ایف آئی آر درج کرائی ہے۔ محمد شامی نے آئی پی ایل میں 133 وکٹیں حاصل کر رکھی ہیں جب کہ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں انہوں نے 25 میچوں میں بھارت کی نمائندگی کرتے ہوئے 27 وکٹیں حاصل کیں۔ وہ ون ڈے انٹرنیشنل میں 206 اور ٹیسٹ فارمیٹ میں 229 وکٹیں لے چکے ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھارتی کرکٹ ٹیم کے موجودہ ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کو بھی جان سے مارنے کی دھمکی آمیز ای میل موصول ہوئی تھی۔ گمبھیر کے شکایت درج کرانے کے بعد پولیس نے ملزم کو پکڑ لیا تھا تاہم وہ ذہنی مریض تھا۔ اس کے اہل خانہ نے ملزم کی بیماری سے آگاہ کرتے ہوئے بھارتی کوچ سے معافی بھی مانگی تھی۔

محمد شامی کو لیگ کے دوران کئی دھمکی آمیز ای میلز موصول ہوئی ہیں جس کے بعد ان کے بھائی حسیب

میگا ایونٹ میں میز سنگلز، ویمنز سنگلز، میز ڈبلز ویمنز ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز سمیت دیگر مقابلے ہوں گے

پیرس (پی ایم این) رواں برس کے دوسرے بڑے گرینڈ سلام فرنچ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا 124 واں ایڈیشن 25 مئی سے فرانس کے دارالحکومت پیرس میں شروع ہوگا۔ ٹورنامنٹ کا کوالیفکیشن راؤنڈ 19 مئی سے شروع ہوگا۔ میگا ایونٹ کے کامیاب انعقاد کے لئے تیاریاں عروج پر ہیں۔ میگا ایونٹ کلے کورٹ پر کھیلا جائے گا جس میں دنیائے ٹینس کے نامور کھلاڑی ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں نظر آئیں گے۔ میگا ایونٹ میں میز سنگلز، ویمنز سنگلز، میز ڈبلز ویمنز ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز سمیت دیگر مقابلے ہوں گے۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں میں ہسپانوی نامور ٹینس سٹار کارلوس الکاراز اپنے اعزاز کا دفاع کریں گے جبکہ خواتین کے سنگلز مقابلوں میں پولش ٹینس سٹا آیگا سوئیٹک اپنے اعزاز کا دفاع کریں گی۔ اسی طرح میز ڈبلز مقابلوں میں سلواڈورین کھلاڑی مارسیلو آریوالوا اور ان کے کروشین جوڑی دار مارین کلک اپنے اعزاز کی بقا کے لئے کوشاں ہوگی۔ ویمنز ڈبلز مقابلوں میں امریکی ٹینس سٹار کوکو گوف اور ان کی جمہوریہ چیک کی جوڑی دار کیٹرینا سینیا کو واپنے ٹائٹل کے دفاع کے لئے پنجہ آزمائی کرے گی۔ رواں سال کا دوسرا میگا ایونٹ 25 مئی سے شروع ہوکر 8 جون کو اختتام پذیر ہوگا۔

شاہین اور حارث نے شروع میں اچھی بولنگ کی لیکن ڈیتھ میں لینتھ بولنگ کر کے چھکے کھالیے

کراچی (پی ایم این) پاکستانی کرکٹر احمد شہزاد کا کہنا ہے کہ پریمیم فاسٹ بولر کوڈیتھ اوورز میں یارکر کرنا ہی نہیں آتی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے احمد شہزاد نے کہا کہ کراچی کنگز کے بیٹر عرفان نیازی کی بیٹ گ کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، شاہین اور حارث نے شروع میں اچھی بولنگ کی لیکن ڈیتھ میں لینتھ بولنگ کر کے چھکے کھالیے۔ انہوں نے کہا کہ شاہین اور رؤف نے یارکر کرنے کی کوشش کی لیکن انہیں صحیح یارکر نہیں کرنی آتی۔ احمد شہزاد نے کہا کہ جب دو اوورز میں مین بولرز کو 41 رنز پڑ جائے تو پھر میچ تو نہیں جیتا سکتا۔ دوسری جانب فواد عالم نے کہا کہ ہم دو تین میچوں سے بات کر رہے ہیں کہ آخری اوورز میں شاہین کے ساتھ دوسرے بولرز کو بھی یارکر نہیں کرنا آرہا۔ انہوں نے کہا کہ بولرز کے ساتھ پاکستان ٹیم میں بھی یارکرز کا مسئلہ آرہا ہے، ہم کیوں بار بار عمر گل اور شعیب اختر کا نام لیتے ہیں صرف محمد عامر کہہ کر یارکر کروا سکتا ہے اگر وہ کہے گا میں سلو گیند ادھر پھینکوں گا تو وہ ادھر ہی کرے گا۔ فواد عالم نے کہا کہ 145 کی اسپیڈ سے چھکا مارنا بہت مشکل ہے، ہمارے پاس یارکر ڈیولپ ہی نہیں ہو رہی، ہمیں بولنگ میں اتنی مارنہیں پڑتی تھی جواب پڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تین اوورز میں 48 رنز چاہیے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ سے دلبرداشتہ سپنر ظفر گوہر نے انگلینڈ سے ڈیبیو پر نظریں جمالیں

قومی ٹیم میں شمولیت کے لیے کال موصول کرنا ایک خواب تھا، لیکن میں ناکام ہوگیا، برطانوی میڈیا سے گفتگو

لندن (پی ایم این) پاکستان کے سابق اسپنر ظفر گوہر نے پاکستان کرکٹ بورڈ نے مستقبل میں انگلینڈ سے ڈیبیو پر نظریں جمالیں۔ 30 سالہ ظفر گوہر اس وقت کاؤنٹی چیمپئن شپ میں سب سے کامیاب اسپنر ہیں جو برطانوی شہریت حاصل کرنے کے بعد مقامی کھلاڑی کے طور پر مڈل سیکس کی نمائندگی کررہے ہیں۔ اسپنر کا انٹرنیشنل کیریئر اور مواقع کی کمی کی وجہ سے متاثر ہوا۔ 2015 میں ظفر گوہر کو زخمی لیگ اسپنر یاسر شاہ کے متبادل کے طور پر پاکستانی ٹیسٹ اسکواڈ میں جگہ ملی۔ تاہم برطانوی میڈیا سے بات کرتے ہوئے گوہر کا کہنا تھا کہ 'قومی ٹیم میں شمولیت کے لیے کال موصول کرنا ایک خواب تھا، لیکن میں ناکام ہوگیا۔ میں نے سفر کی تفصیلات کے لیے رات گئے تک انتظار کیا، پھر مجھے آرام کرنے کو کہا گیا، اس کھوئے ہوئے موقع نے انہیں پریشان کردیا اور اگرچہ بعد میں پاکستان کے لیے کھیلنا ان کے لیے ممکن ہوا لیکن مسلسل مواقع کبھی نہیں ملے۔ ظفر گوہر نے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ میں ابھی اپنے پرائم کو پہنچ گیا ہوں اور میں اس نئے چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار محسوس کرتا ہوں۔ میں نے سنا تھا کہ انگلینڈ اسپنرز کے لیے وکٹیں حاصل کرنے کے لیے سب سے مشکل جگہ ہے لیکن میں نے وکٹیں حاصل کیں۔ یہی وہ نقطہ تھا جس کا میں نے فیصلہ کیا



شب ڈیٹرائٹ کے لعل سیزر زایرینا میں ہونے والا یہ میچ نیویارک سائرنز نے جیتا) اے ایف پی(

ملتان سلطانز نے ایسی ٹیم بنا کر لوگوں کی دلچسپی ختم کردی، کامران اکمل



میامی، فلوریڈا کے لون ڈیپو پارک میں میامی مارلنز کے خلاف بیس بال گیم کی پانچویں اننگز میں دورن ہوم رن مارے رہے ہیں

ملتان سلطانز کی ٹیم چار بار آل آؤٹ ہوئی، ملتان سلطانز کا معیار تو خود ہی نیچے گر گیا ہے، باسط علی

کراچی (پی ایم این) پاکستان کے سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل نے کہا ہے کہ ملتان سلطانز نے ایسی ٹیم بنا کر لوگوں کی دلچسپی ختم کردی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ ملتان کے اوزر کو پتہ ہی نہیں ٹیم کیا بنائی ہے، ملتان سلطانز نے آج 3 مین بیٹسمین بٹھا دیے۔ سابق کرکٹر باسط علی کا کہنا تھا کہ ملتان سلطانز کی ٹیم چار بار آل آؤٹ ہوئی، ملتان سلطانز کا معیار تو خود ہی نیچے گر گیا ہے، میرے خیال میں ملتان کی ٹیم سلیکشن ٹھیک نہیں ہوئی۔ خیال رہے کہ پاکستان پی ایس ایل 10 کے 25 ویں میچ میں بھی ملتان سلطانز کو پشاور زلمی کے ہاتھوں 7 وکٹوں سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں پشاور زلمی نے ملتان سلطانز کی جانب سے دیا جانے والا 109 رنز کا ہدف 13 اوورز میں با آسانی 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کیا۔ پاکستان سپر لیگ 10 میں ملتان سلطانز کی کارکردگی انتہائی خراب رہی، نہ صرف ٹیم چار بار آل آؤٹ ہوئی بلکہ 9 میں سے 8 میچز میں اسے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ملتان سلطانز کی ٹیم چار بار آل آؤٹ ہوئی، ملتان سلطانز کا معیار تو خود ہی نیچے گر گیا ہے، باسط علی۔ پاکستان سپر لیگ 10 میں ملتان سلطانز کی کارکردگی انتہائی خراب رہی، نہ صرف ٹیم چار بار آل آؤٹ ہوئی بلکہ 9 میں سے 8 میچز میں اسے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔



راجستھان رائلز کے کپتان ریان پراگ چار مئی، 2025 کو کولکتہ کے ایڈن گارڈنز میں انڈین پریمیئر لیگ) آئی پی ایل (کے ٹی ٹوئنٹی میچ کے دوران کولکتہ نائٹ رائیڈرز کے خلاف شاٹ کھیلتے ہوئے) اے ایف پی(

NATIONAL/INTERNATIONAL
نیشنل/انٹرنیشنل



غزہ: اسرائیلی فورسز نے خربت خلیل الدابع میں 25 سے زیادہ گھروں اور ڈھانچوں کو مسمار کررہے ہیں

اسرائیلی مظالم کیخلاف طلبا کی نگرانی سے انکار، ہارورڈ یونیورسٹی کی اربوں ڈالر کی امداد معطل

ٹرمپ نے فلسطینیوں کی نسل کشی پر اسرائیل کیخلاف احتجاج کرنے والے طلبہ کیخلاف کاروائی کا مطالبہ کیا تھا، رپورٹ

واشنگٹن (پی ایم این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے معروف تعلیمی ادارے ہارورڈ یونیورسٹی کی اربوں ڈالر کی وفاقی امداد روک دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق امریکی محکمہ تعلیم نے ہارورڈ یونیورسٹی کو باضابطہ طور پر اطلاع دیتے ہوئے تحقیق اور دیگر امور سے متعلق اربوں ڈالر کی گرانٹس منجمد کر دی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اگر ہارورڈ نے ٹرمپ انتظامیہ کے مطالبات پر عمل نہ کیا تو یہ امداد مستقل طور پر معطل رکھی جائے گی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل ٹرمپ انتظامیہ نے 8.7 ملین ڈالر کے معاہدوں اور ارب ڈالر کی گرانٹس کا دوبارہ جائزہ لے رہی ہے۔ انتظامیہ کا موقف تھا کہ ہارورڈ نے کیمپس میں یہود مخالف رویے روکنے کے لیے مناسب اقدامات نہیں کیے، جس پر وفاقی امداد روکنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ٹرمپ انتظامیہ اور ہارورڈ یونیورسٹی کے درمیان کشیدگی اس وقت بڑھ گئی جب یونیورسٹی نے حکومتی دبا کے باوجود دیگر اداروں کے برعکس اپنے انتظامی اور تعلیمی معاملات میں مداخلت تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔



مارچ میں اعلان کیا تھا کہ وہ ہارورڈ کے تقریباً 256



غزہ: اسرائیلی جنگی طیاروں کی شمالی غزہ کے شہر بیت لاہیا پر وحشیانہ بمباری کے بعد عمارت سے دھواں اٹھتا دکھائی دے رہا ہے

مودی حکومت کی ہٹ دھرمی، پاکستانی خاندان بھارت چھوڑنے پر مجبور

سیاسی تجزیہ کاروں نے مودی حکومت کے اس فیصلے کو غیر انسانی اور متعصبانہ قرار دے دیا

نئی دہلی (پی ایم این) پہلگام فالس فلیگ حملے کے بعد بھارت میں پاکستانی نژاد خاندانوں کے خلاف حکومتی کارروائیوں میں شدت آ گئی ہے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق مودی حکومت کی جانب سے بھارت میں گزشتہ 15 سال سے جموں میں مقیم ایک پاکستانی نژاد کشمیری خاندان کو ملک چھوڑنے کا حکم دے دیا گیا۔ خاتون شہری نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ہمیں بھارت سے نہیں بلکہ اپنے گھروں سے نکالا جا رہا ہے۔ دو معصوم بچوں کی تعلیم اور مستقبل تباہ کر کے ہمیں زبردستی ملک بدر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر زمین تنگ کر دی گئی ہے تو کم از کم شوہر اور بچوں کو بھی ساتھ جانے کی اجازت دی جائے۔ خاتون نے کہا کہ "ہم پر صرف پاکستانی ہونے کا الزام ہے، کیا یہ انسانیت ہے؟" خاتون نے پہلگام حملے کے پس منظر میں کہا کہ "حملہ آور نہ ہندو تھے نہ مسلمان، وہ صرف جاہل اور شدت پسند تھے۔" انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان انہیں قبول کرے گا اور وہاں وہ محفوظ اور پرامن زندگی گزار سکیں گے۔ مودی سرکار کی مسلم دشمن پالیسی اب معصوم خاندانوں کی جبری ہجرت کا باعث بن رہی ہے

مودی 2016 سے اب تک دہشت گردی کے خاتمے کا دعوی کرتے آ رہے ہیں، ویڈیو پیغام

نئی دہلی (پی ایم این) پہلگام فالس فلیگ حملے کے بعد بھارت میں وزیراعظم نریندر مودی پر کڑی تنقید کا سلسلہ جاری ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر ایک بھارتی سیاسی رہنما کی ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں انہوں نے مودی کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ "مودی کو وزیراعظم کے عہدے سے مستعفی ہو کر دوبارہ چائے بیچنی چاہیے"۔ رہنما کا کہنا تھا کہ مودی 2016 سے اب تک دہشت گردی کے خاتمے کا دعوی کرتے آ رہے ہیں لیکن 2025 تک بھی صورتحال ویسی ہی ہے۔ انہوں نے پلوامہ حملے، آرٹیکل 370 کی منسوخی اور فوج کی سیاست میں مداخلت پر بھی مودی سرکار کو آڑے ہاتھوں لیا۔ انہوں نے وزیر داخلہ امت شاہ اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول کو بھی کڑی تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ "امت شاہ ریاستیں خریدنے اور حکومت سازی کی سازشوں میں مصروف ہیں جبکہ اجیت ڈوول خود کو جیمز بانڈ کا پردادا سمجھتے ہیں"۔ سیاسی تجزیہ کاروں کا کہنا تھا کہ یہ بیانات اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ مودی حکومت پر بھارت میں اعتماد تیزی سے کم ہو رہا ہے اور عوام ہندوتوا نظریے کے نتائج سے تنگ آ چکے ہیں۔ تجزیہ کاروں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے۔

فضائی حملے کے خدشے کے پیش نظر عوام کو خبردار کرنا اور اہم تنصیبات کو محفوظ بنانا ہے، رپورٹ

نئی دہلی (پی ایم این) بھارتی حکومت نے ملک بھر کی تمام ریاستوں کو شہری دفاع کے تحت فرضی مشقیں شروع کرنے کا حکم دیا ہے، جن کا مقصد فضائی حملے کے خدشے کے پیش نظر عوام کو خبردار کرنا اور اہم تنصیبات کو محفوظ بنانا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ فیصلہ وزیراعظم نریندر مودی کی سیکریٹری دفاع راجیش کمار سنگھ سے ملاقات اور بعد ازاں قومی سلامتی کے مشیر اجیت دووال کی بریفنگ کے بعد سامنے آیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ مشقیں 7 مئی سے 9 مئی تک جاری رہیں گی۔ ان مشقوں میں فضائی حملے کی وارننگ سسٹمز، سائرن بجانے، کریش بلیک آٹ، حساس عمارتوں کو اندھیرے میں چھپانے، انخلا کے منصوبے، اور عوام کی رہنمائی جیسے اقدامات شامل ہوں گے۔ سرکاری ذرائع کا کہنا تھا کہ یہ فیصلہ حالیہ پہلگام حملے کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کے تناظر میں کیا گیا۔ وزارت داخلہ کے تحت سول ڈیفنس کے چار لاکھ سے زائد رضا کاران مشقوں میں حصہ لیں گے۔ پنجاب کے سرحدی ضلع فیروز پور میں بھارتی پولیس پہلے ہی 30 منٹ کی بلیک آٹ مشق کر چکی ہے، جس کے دوران مقامی رہائشیوں کو لائٹس بند رکھنے کی ہدایت دی گئی تھی۔

شادی پر جانے والے مسلمان خاندان پر خونریز حملہ

مودی حکومت کے دور میں ریاستی سرپرستی میں مسلم دشمنی کو فروغ دیا جارہا ہے، ماہرین

نئی دہلی (پی ایم این) پہلگام فالس فلیگ حملے کے بعد بھارت میں فرقہ واریت، مسلم دشمنی اور ہندوتوا انتہا پسندی میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مودی سرکار اور اس کے حمایتی میڈیا نے اس واقعے کو مذہبی رنگ دے کر پورے ملک میں نفرت کا زہر گھول دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حملے کے بعد سے بھارتی میڈیا مسلسل "مذہب پوچھ کر مارا گیا" جیسے بیانیے کو فروغ دے رہا ہے، جس کے نتیجے میں مسلمانوں پر تشدد، ظلم و جبر اور فرقہ وارانہ فسادات میں شدت آ گئی ہے۔ ایک افسوسناک واقعے میں ایک مسلمان خاندان جو شادی کی تقریب کے لیے دہرادون، اتراکھنڈ جا رہا تھا، اسے راستے میں ہندوتوا انتہا پسندوں نے نشانہ بنایا۔ حملہ آوروں نے نام اور مذہب پوچھ کر خاندان کے افراد کو لوہے کی سلاخوں اور چاقوں سے بری طرح زخمی کر دیا۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ مودی حکومت کے دور میں ریاستی سرپرستی میں مسلم دشمنی کو فروغ دیا جا رہا ہے اور گودی میڈیا اس نفرت کو مزید ہوا دے رہا ہے۔ یہ صورتحال بھارت کو ہندو مسلم تقسیم کی طرف لے جا رہی ہے۔

بھارت کی آبی جارحیت، مقبوضہ کشمیر میں دو نئے ہائیڈرو پاور پروجیکٹ شروع

ہیتھرو ہوائی اڈے پر مسافر اپنے سوٹ کیسوں کے ساتھ روانہ ہو رہے ہیں) بینجمن کریمیل /اے ایف پی(

بھارت نے دریائے چناب پر قائم بگلیہار ڈیم کے بعد اب سلال ڈیم کے دروازے بھی بند کر دیے

نئی دہلی/سرینگر (پی ایم این) بھارت نے ایک بار پھر سندھ طاس معاہدے کو نظر انداز کرتے ہوئے مقبوضہ کشمیر میں دو نئے ہائیڈرو پاور پراجیکٹس پر کام شروع کر دیا ہے، جن میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش میں اضافہ بھی شامل ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق بھارت نے ان منصوبوں سے متعلق پاکستان کو پیشگی اطلاع نہیں دی، جو کہ سندھ طاس معاہدے کی صریح خلاف ورزی ہے۔ یہ معاہدہ بھارت کو یکطرفہ طور پر ایسے اقدامات اٹھانے سے روکتا ہے۔ یاد رہے کہ بھارت پہلے ہی غیر قانونی طور پر اس معاہدے کو یکطرفہ معطل کرنے کا اعلان کر چکا ہے، حالانکہ یہ عالمی بینک کی ثالثی سے 1960 میں طے پایا تھا اور اس پر کوئی یکطرفہ قدم نہیں اٹھایا جا سکتا۔ بھارت کی جانب سے دریائے چناب پر قائم بگلیہار ڈیم کے بعد اب سلال ڈیم کے دروازے بھی بند کر دیے گئے ہیں، جس کے باعث پاکستان آنے والا پانی کم ہو کر صرف 5,300 کیوسک رہ گیا ہے۔ بھارتی اقدامات کو ماہرین نے آبی جارحیت قرار دیا ہے اور اسے دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی بڑھانے والا عمل کہا جا رہا ہے۔ 22 اپریل کو پہلگام میں پیش آئے فائرنگ کے واقعے کے بعد بھارت نے بغیر کسی تحقیق کے پاکستان پر الزام عائد کیا اور اسی بہانے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان کر دیا، جسے پاکستان نے مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے۔

انڈین رینجرز اہلکار 6 مئی 2025 کو سری نگر میں ڈل جھیل کے کنارے پہرہ دے رہا ہے) سجاد حسین /اے ایف پی(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

الحرمین ڈینٹل کیئر کے زیر اہتمام ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا گیا

انتظامی امور کی ذمہ داری آل صدیق ویلفیئر فاؤنڈیشن بھلھی کے عہدیداران رانا محمد اخلاق، رانا محمد اشرف، رانا محمد الیاس اور رانا محمد اکرم، زاہد شریف و دیگر نے انجام دی



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) الحرمین ڈینٹل کیئر کے زیر اہتمام ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کے انتظامی امور کی ذمہ داری آل صدیق ویلفیئر فاؤنڈیشن بھلھی کے عہدیداران رانا محمد اخلاق، رانا محمد اشرف، رانا محمد الیاس اور رانا محمد اکرم، زاہد شریف و دیگر نے انجام دی کیمپ میں ڈاکٹر رانا منیب اکرم اور ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم سے ملاقات کے دوران ان کی پیشہ وارانہ خدمات اور فری ڈینٹل کیمپ کے تحت مستحق مریضوں کو علاج معالجہ کی مفت سہولیات فراہم کرنے خراج تحسین پیش کیا اور یقین دھانی کروائی کہ اس سماجی خدمت کی کاز کی انجام دہی کی خاطر وہ اپنا ہر ممکن تعاون شامل حال رکھیں گے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام ضلعی اداروں کے سربراہان شریک تھے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان بگر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس کی زیر صدارت موجودہ مکی صورتحال کے بارے اہم اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام ضلعی اداروں کے سربراہان شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ضلعی افسران کو موجودہ مکی حالات بارے آگاہ کرتے ہوئے ہدایت کی کہ مکی حالات کے پیش نظر تمام ضلعی ادارے ہائی الرٹ پر رہیں گے۔ ضلعی پولیس، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، صحت سمیت تمام ادارے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری تیاریاں مکمل کریں اور ایمرجنسی صورتحال تک ہسپتالوں اور کنٹرول رومز میں نائٹ ڈیوٹی ڈبل ہونی چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی اداروں کے سربراہان اور ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں کسی محکمے کا افسر یا ملازم ایٹی ٹیوڈ نہیں چھوڑے گا، تینوں کنٹرول رومز 24 گھنٹے مکمل فعال ہونے چاہئیں، ٹریفک عملہ تعینات ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمہ جات آپسی کوارڈینیشن کو یقینی بنائیں۔ ہر افسر اپنے تین کنٹیکٹ نمبرز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کو آج ہی جمع کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مشینری کو ہائی الرٹ رکھا جائے اور حالات کے پیش نظر رات کو سٹریٹ لائیٹس سمیت گھروں کی لائٹس بند کر دی جائیں۔ اسسٹنٹ کمشنرز اور میونسپل اداروں کے افسران ہیلتھ ایمرجنسیز کی ڈیٹیل آج شام تک فراہم کریں گے۔ انہوں نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتالوں میں ضروری ادویات وافر مقدار میں موجود ہونی چاہئیں، بلڈ بینکوں میں خون کا بندوبست یقینی بنایا جائے۔ سول ڈیفنس کالجز، ہیلتھ، ایجوکیشن کی جنگی مشقیں آج سے شروع کروائیں جبکہ تینوں میونسپل کمیٹیوں میں ایمرجنسی سارن کو مکمل فنکشنل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تمام ادارے اپنا میکانزم بنائیں اور آج ہی ڈیوٹی روسٹر جاری کریں۔ ضلع بھر میں لنگر بغیر چیکنگ تقسیم نہ کروانے دیا جائے۔

بجلی بند رہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 2 بجے تک 15, 17, 21 مئی کو اٹھارہ ہزاری فیڈر، 25,18,11 مئی کو کالج روڈ فیڈر میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

جہلم شہر اور گردونواح میں غیر قانونی نقشہ نویسوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن متوقع

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح میں غیر قانونی نقشہ نویسوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن متوقع، پاکستان کونسل آف آرکیٹیکٹ اینڈ ٹاؤن پلانرز نے کمشنر راولپنڈی اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو خط لکھ کر کارروائیاں کرنے کا مطالبہ کر دیا بغیر رجسٹریشن کام کرنا قانونی جرم قرار، تفصیلات کے مطابق ضلع جہلم میں غیر قانونی طور پر کام کرنے والے نقشہ نویسوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن متوقع ہے۔ پاکستان کونسل آف آرکیٹیکٹ اینڈ ٹاؤن پلانرز (PCATP) نے ایک اہم اور تحریری خط کمشنر راولپنڈی اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب کو ارسال کیا ہے جس میں واضح کیا گیا ہے کہ بغیر کونسل سے رجسٹریشن کے کوئی بھی فرد یا ادارہ آرکیٹیکچر یا ٹاؤن پلاننگ کی پریکٹس نہیں کر سکتا۔ خط کے مطابق ایسے افراد جو باقاعدہ رجسٹریشن کے بغیر دفاتر کھول کر کمرشل یا رہائشی نقشہ جات تیار کر رہے ہیں، وہ قانون کی خلاف ورزی کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ یہ عمل نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ عوام کی قیمتی املاک کے لیے بھی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔

رات بھارتی بزدلانہ کاروائی کا مریدکے اور مرکز کے شہریوں پر کوئی خوف یا دھشت طاری نہ ہو سکی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) رات بھارتی بزدلانہ کاروائی کا مریدکے اور مرکز کے شہریوں پر کوئی خوف یا دھشت طاری نہ ہو سکی۔ مریدکے مرکز سمیت گردونواح میں زندگی معمول کے مطابق رہی اور دوکاندار حضرات صبح سویرے حسب معمول ناشتے کی دکانوں پر جبکہ شہری بھی بلاخوف وخطر دکانوں پر ناشتہ کرتے نظر آئے۔ جبکہ چھوٹے بچے تک جنگی صورتحال کی کسی قسم کی پرواہ کئے بغیر پارکوں میں معمول کے مطابق بلاخوف کھیلتے نظر کھیلتے رہے۔ بعد ازاں بازاروں اور تمام کاروباری مارکیٹس میں معمول کے مطابق کاروبار جاری رہا۔

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا رات گئے ٹی ایچ کیو ہسپتال دیپالپور اور حویلی لکھا کا دورہ

پاک فوج نے بھارتی جنگی عزائم کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے بھارتی افواج کو پسپائی کی راہ دکھائی ہے

دیپالپور (زاہد عمران تجوعہ) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپالپور کا بھارتی حملوں کے تناظر میں رات جنون کے پیش نظر کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہسپتال انتظامیہ ڈاکٹرز اور سٹاف مکمل طور



گئے ٹی ایچ کیو ہسپتال دیپالپور اور حویلی لکھا کا دورہ، انہوں نے سرکاری ہسپتالوں کے ڈاکٹرز اور عملہ کو ہائی الرٹ رہنے کے احکامات جاری کر دیے، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ پاک فوج نے بھارتی جنگی عزائم کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے بھارتی افواج کو پسپائی کی راہ دکھائی ہے، بھارت کی بزدلانہ پر الرٹ رہیں، انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں کے تمام افسران، ڈاکٹرز اور سٹاف کی چھٹیاں کینسل کر دی گئی ہیں، ہسپتالوں میں شیڈول کے مطابق ڈیوٹیاں سرانجام دی جائیں اور مریضوں کے علاج معالجہ اور دیکھ بھال کے سلسلہ میں اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن شیخوپورہ کے دفتر کو خالی کو سیل کرنا افسوسناک ہے: اختر اقبال ڈار

اس آرگنائزیشن کو قبضہ مافیا جیسے القابات سے نوازنا انتہائی نامناسب اور افسوسناک رویہ ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے شیخوپورہ کی ضلعی انتظامیہ کی طرف سے اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن شیخوپورہ کے دفتر کو خالی کروا کر سیل کرنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن عرصہ 60 سال سے ضلع کے ٹی بی کے مریضوں کو مفت ادویات اور علاج معالجہ دے رہی تھی اور پنجاب بھر میں اول پوزیشن کے حامل ادارے کی بندش اور تذلیل قابل مذمت ہے اختر ڈار نے کہا کہ مذکورہ ایسوسی ایشن کو ضلع بھر کے سابقہ اور موجودہ ارکان اسمبلی معززین علاقہ ہر دور کے ڈپٹی کمشنر مل کر اس ادارے کی آبیاری کرتے رہے ہیں جبکہ سابق صدر پاکستان جنرل ضیا الحق اور دیگر حاکم وقت اس ادارے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور سراہتے رہے ہیں اس آرگنائزیشن کو قبضہ مافیا جیسے القابات سے نوازنا انتہائی نامناسب اور افسوسناک رویہ ہے انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا کہ غریب عوام کو علاج و مفت ادویات فراہم کرنے اور بانی پاکستان قائد اعظم کی قائم بیماری ٹی بی کے خاتمے کیلئے سرگرم ایسوسی ایشن کو بند کرنے اور تذلیل کرنے کی بجائے مناسب جگہ فراہم کی جائے تاکہ اس نیک اور صالح عمل کو جاری رکھا جاسکے۔

جنرل سیکرٹری فیضان اشرف تھہیم ایڈووکیٹ انتخابات بار 2026ء کے اعزاز میں پرتکلف ناشتہ کا اہتمام

دعوت میں وکلاء بار سمیت سیاسی، سماجی، صحافتی شخصیات اور شہریوں کی کثیر تعداد موجود تھی چیئرمین محمد انور مغل ایڈووکیٹ شرکت کی



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لان وکلاء کمپلیکس بار ایسوسی ایشن ڈسکہ میں پروفیشنل لائرز گروپ بار ایسوسی ایشن ڈسکہ نے آنے والے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا

* جماعت اہلسنت پاکستان * بھارت نے بزدلانہ حملہ کر کے اپنی موت کو دعوت دی ہے۔ حمزہ مصطفائی

بھارت کی جانب سے رات کے اندھیرے میں مساجد پر حملہ کر کے بزدلی کا ثبوت دیا پاکستان نے حملے کا فوری جواب دے کر بتا دیا ہے کہ ہم وطن عزیز کی حفاظت کرنا جانتے ہیں بھارت کسی بھول میں نہ رہے اگر ضرورت پڑی تو پاکستان کا بچہ بچہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوگا ہم پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہیں کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لان وکلاء کمپلیکس بار ایسوسی ایشن ڈسکہ میں پروفیشنل لائرز گروپ بار ایسوسی ایشن ڈسکہ کے امیدواران برائے صدر چوہدری اعجاز اشرف گورائیہ ایڈووکیٹ اور برائے جنرل سیکرٹری فیضان اشرف تھہیم ایڈووکیٹ انتخابات بار 2026ء کے اعزاز میں پرتکلف ناشتہ کا اہتمام کیا گیا جس میں وکلاء بار سمیت سیاسی، سماجی، صحافتی شخصیات اور شہریوں کی کثیر تعداد موجود تھی چیئرمین محمد انور مغل ایڈووکیٹ شریک چیئرمین محمد جمیل چوہدری ایڈووکیٹ و جملہ اراکین پروفیشنل لائرز گروپ بار ایسوسی ایشن ڈسکہ نے آنے والے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا

* جماعت اہلسنت پاکستان * بھارت نے بزدلانہ حملہ کر کے اپنی موت کو دعوت دی ہے۔ حمزہ مصطفائی

بھارت کی جانب سے رات کے اندھیرے میں مساجد پر حملہ کر کے بزدلی کا ثبوت دیا پاکستان نے حملے کا فوری جواب دے کر بتا دیا ہے کہ ہم وطن عزیز کی حفاظت کرنا جانتے ہیں بھارت کسی بھول میں نہ رہے اگر ضرورت پڑی تو پاکستان کا بچہ بچہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوگا ہم پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہیں کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری

بھارت نے شہری آبادی اور مساجد پر حملہ کر کے بزدلی کا ثبوت دیا: چوہدری ضرغام احمد گورائیہ

پاک فوج اور سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہیں کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے: ہدری محمد صہیب گورائیہ





نارنگ منڈی (میاں ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت پوری قوم ایک پیج ہے بھارت غلط فہمی کا شکار تھا پاک فوج نے دور کر دی ہے پاکستان نے اینٹ کا جواب پتھر سے دے کر بتا دیا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط اور پائیدار ہے الحمدللہ ہمیں پاک فوج اور عسکری قیادت پر فخر ہے بھارت کسی صورت بھی ہمیں شکست نہیں دے سکتا ہمارے حوصلے بلند ہیں دشمن کو ناکوں چنے چبوا دیں گے۔

گندم سستی ہونے کے باوجود نان روٹی اور بیکری آئٹمز کی قیمتیں کم نہ ہو سکیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گندم سستی ہونے کے باوجود نان روٹی اور بیکری آئٹمز کی قیمتیں کم نہ ہو سکیں کیا حکومت نے صرف کسان دشمنی کا ثبوت دیا ہے اگر عوام کو ریلیف دینے کیلئے گندم سستی کرنے کا شور مچایا گیا ہے تو نان اور روٹی سمیت آٹے اور میدے سے بنی اشیاء بھی سستی کی جائیں حکومت مہنگائی کم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو صرف گندم پر ہی اکتفا نہ کرے بلکہ چینی گھی سمیت دیگر اشیاء بھی سستی کرے تاکہ حقیقی معنوں میں عوام کو ریلیف مل سکے ورنہ کسانوں کے ساتھ ڈرامے بازی اور نارواسلوک بند کیا جائے سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا تھا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے مستقل پالیسی بنائے تاکہ عوام کو حقیقی ثمرات مل سکیں زراعت کا ملکی معاشی ترقی میں اہم کردار ہے اس پر توجہ دی جائے جس کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین فیسکو جھنگ سرکل کے زونل چیئرمین قاضی نعیم عباس کی زیر قیادت پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین فیسکو جھنگ سرکل کے زونل چیئرمین قاضی نعیم عباس کی زیر قیادت پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین فیسکو جھنگ کے زونل چیئرمین قاضی نعیم عباس، وائس چیئرمین صفدر نواز ڈب، جنرل سیکرٹری حافظ عبدالقیوم، جوائنٹ سیکرٹری محمد اقبال انجم، حافظ محمد افضل، مہر نوبہار نول و دیگر عہدیداران سمیت ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی ریلی میں حافظ عبدالقیوم کی جانب سے پاک فوج زندہ باد، پاک فوج قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں، پاکستان زندہ باد، بھارت مردہ باد کے نعرے لگوائے گئے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے زونل چیئرمین قاضی نعیم عباس نے کہا کہ ہم بھارت کی جانب سے پاکستان پر بزدلانہ حملے کی پرزور مذمت کرتے ہیں ہم بحیثیت فیسکو ملازمین پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

بھارت کا بزدلانہ حملہ/ پاک فوج نے 4 مزید بھارتی ڈرون مار گرائے

سیالکوٹ کے شہریوں کیجانب سے افواج پاکستان کے حق میں ریلیاں

سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) بھارت نے جارحیت کرتے ہوئے پاکستان پر رات کے اندھیرے میں حملہ کیا۔ بھارتی ڈرونز نے پاکستانی حدود میں دراندازی کی جس کے بعد جوابی حملہ کرتے ہوئے پاک فوج نے پھوکلیاں، کوٹلی لوہاراں، سیالکوٹ میں بھارتی فوج کے چار ڈرونز کو مار گرایا۔ پاکستان نے اپنی جدید دفاعی اور ٹیکنیکی ای ڈبلیو صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے نیچے اتار کر دو مزید بھارتی ڈرونز کو قبضے میں بھی لے لیا، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بھارتی فوج کی جانب سے ڈرونز کے ذریعے دراندازی کی ناکام کوشش کی جارہی تھی اس سے قبل برنالہ، شکرگڑھ اور کوٹلی سیکٹر میں بھی بھارت کے تین ڈرونز گرائے جا چکے ہیں۔ مجموعی طور پر اب تک کل سات بھارتی ڈرونز گرائے جا چکے ہیں۔ دوسری جانب سیالکوٹ میں سول سوسائٹی، صحافیوں اور سیاسی جماعتوں کیجانب سے افواج پاکستان کے حق میں ریلیاں منعقد کی جارہی ہیں اور شہری اپنی بہادر افواج پاکستان کے شانہ بشانہ بھارت کو جواب دینے کے عظم کا اظہار کررہے ہیں تو کہیں فوجی گاڑیاں دھلائی دیتے سیالکوٹ کے شہری افواج پاکستان پر گل پاشی کر رہے ہیں۔

بھارت نے شہری آبادی اور مساجد پر حملہ کر کے بزدلی کا ثبوت دیا: چوہدری ضرغام احمد گورائیہ

پاک فوج اور سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہیں کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے: ہدری محمد صہیب گورائیہ

نارنگ منڈی (میاں ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت پوری قوم ایک پیج ہے بھارت غلط فہمی کا شکار تھا پاک فوج نے دور کر دی ہے پاکستان نے اینٹ کا جواب پتھر سے دے کر بتا دیا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط اور پائیدار ہے الحمدللہ ہمیں پاک فوج اور عسکری قیادت پر فخر ہے بھارت کسی صورت بھی ہمیں شکست نہیں دے سکتا ہمارے حوصلے بلند ہیں دشمن کو ناکوں چنے چبوا دیں گے۔

فوج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لئے پریس کلب جھنگ اور یونین آف جرنلسٹس کی ریلی

پریس کلب سے نکالی جانے والی ریلی کی قیادت یونین آف جرنلسٹس کے صدر شریف طاہر اور سیکرٹری پریس کلب خرم سعید نے کی

جھنگ (بیورو رپورٹ) پاک بھارت حالیہ کشیدگی کے تناظر میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لئے پریس کلب جھنگ اور یونین آف جرنلسٹس جھنگ کے زیر اہتمام ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ پریس کلب سے نکالی جانے والی ریلی کی قیادت یونین آف جرنلسٹس کے صدر شریف طاہر اور سیکرٹری پریس کلب خرم سعید نے کی جبکہ بڑی تعداد میں الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں نے ریلی میں شرکت کی۔ اس موقع پر ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے صدر یونین آف جرنلسٹس شریف طاہر نے کہا کہ بزدل دشمن بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان کی سویلین آبادی پر حملہ کر کے پاکستان کی سالمیت کو للکارا جس کے جواب میں افواج پاکستان نے دشمن کو فوری منہ توڑ جواب دیا اور بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے نہ صرف ان کے تین رافیل طیاروں سمیت پانچ جنگی طیارے گرائے بلکہ بھارت کی متعدد چوکیاں بھی تباہ کیں۔ سیکرٹری پریس کلب خرم سعید نے کہا کہ جھنگ کے صحافی اپنی افواج سے بھرپور اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور اس عزم کا اظہار کرتے ہیں کہ ملکی دفاع کے لئے جب بھی افواج پاکستان اور ملکی اداروں کو ضرورت پڑی تو صحافی ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے

ڈپٹی ڈائریکٹر بجٹ اینڈ اکاؤنٹ ملک عبدالرزاق ریٹائرڈ ہو گئے

اس موقع پر انکے محکمہ کے دیرینہ ساتھیوں نے انکے اعزاز میں مقامی ہوٹل میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ افیسر و محکمہ ہیلتھ شیخوپورہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر بجٹ اینڈ اکاؤنٹ ملک عبد الرزاق وسیر اپنی مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد گزشتہ روز ریٹائرڈ ہو گئے اس موقع پر انکے محکمہ کے دیرینہ ساتھیوں نے انکے اعزاز میں مقامی ہوٹل میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا اور ظہرانہ دیا اس موقع پر انکے ساتھیوں اور دوستوں نے انھیں پھولوں کے ہار پہناتے ہوئے پھولوں کے گلدستے پیش کئے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک عبدلرزاق وسیر نے کہا کہ آپ لوگوں کے ساتھ گزارے ہوئے سنہرے پل تھے جنھیں میں کبھی بھی بھلا نہیں سکوں گا آپ سب کی محبت اور پیار کو ہمیشہ یاد رکھوں گا الوداعی تقریب کے شرکاء نے بھی اپنے اپنے خطاب میں کہا کہ آپکے ساتھ گزرا ہوا وقت ہمیں ہمیشہ یاد رہے گا تقریب میں ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس شیخوپورہ کے افسران اور ملازمین کے علاوہ محکمہ ہیلتھ کے افسران نے بھی خصوصی شرکت کی اور انھیں نیک تمناؤں اور دعاؤں کے ساتھ الوداع کیا۔

پولیس ہیلپ لائن 15 پر رابری کی جھوٹی اطلاع دینے والے دو افراد گرفتار مقدمات درج

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پولیس ہیلپ لائن 15 پر رابری کی جھوٹی اطلاع دینے والے دو افراد گرفتار مقدمات درج۔ ملزم عرفان ولد سیف اللہ نے 15 پر کال کر کے دعویٰ کیا کہ اس کے بھائی سے نقدی اور موبائل چھینا گیا ہے۔ تحقیقات میں یہ اطلاع جھوٹی نکلی جس پر تھانہ سٹی پندی بھٹیاں میں جھوٹی رابری کی اطلاع دینے پر مقدمہ نمبر 223/25 درج کیا گیا۔ اسی طرح انعام اللہ ولد غلام عباس نے بھی جھوٹی اطلاع دی کہ نامعلوم افراد نے اس کی بہن کی بالیاں چھین لی ہیں، تفتیش کے بعد غلط ثابت ہوئی۔ اس پر بھی مقدمہ نمبر 320/25 درج ہوا۔ ڈی پی او حافظ آباد کا کہنا ہے کہ پولیس ہیلپ لائن عوامی خدمت کے لیے قائم کی گئی ہے اور جھوٹی اطلاعات نہ صرف وسائل کا ضیاع ہیں بلکہ اصل ہنگامی صورتحال میں رکاوٹ بھی بنتی ہیں۔

انتقال پر ملال

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سابقہ صدر پریس کلب چنیوٹ سینئر صحافی حاجی بشیر حسین چمن کی بھابھی اور صدر الیکٹرونک میڈیا ایسوسی ایشن امیر عمر چمن کی ساس انتقال کر گئی مرحومہ کی نماز جنازہ حضرت پیر شاہ برہان دربار پر ادا کی گئی نماز جنازہ میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی مرحومہ کو سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

انتقال پر ملال

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے سابق ایم پی اے ملک محمد وزیر اعوان کے برادر نسبتی، ڈاکٹر ملک حماد اعوان کے والد محترم ملک اصغر علی اعوان انتقال کر گئے۔ مرحوم کی انتقال پر پی ٹی آئی سنٹرل پنجاب کے وائس چیئرمین رائے جاوید اقبال، سابق سٹی ناظم چوہدری امجد پرویز چٹھہ، سابق ناظم دھرنگے لعلکے تصور حسین تارڑ نے انکی رہائشگاہ پر جا کر سابق ایم پی اے ملک محمد وزیر اعوان سے تعزیت کی۔

تھانہ سٹی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف گرینڈ آپریشن

3 منشیات فروش 1 کلو 850 گرام چرس اور ولائتی شراب سمیت گرفتار کر لیے

جھنگ (بیورو رپورٹ) تھانہ سٹی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف گرینڈ اپریشن تین منشیات فروش 1 کلو 850 گرام چرس اور ولائتی شراب 300 گرام چرس اور رشید چوک سے بابر ملزم سے 550 گرام چرس برآمد کر لی جبکہ سرگودھا روڈ چونگی نمبر 22 کے قریب ہارون ناصر مسیح اور حیات مصلی



سمیت گرفتار کر لیے تفصیلات کے مطابق ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے خلاف گرینڈ اپریشن جاری ہیں تھانہ سٹی جھنگ کے ایس ایچ او ثمر عباس شاہ کی سربراہی میں پولیس اہلکاروں نے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے محلہ مرغی پورہ غربی سے شہباز ملزم کو گرفتار کر کے قبضہ سے 1 کلو سے 80 بوتلیں ولائتی شراب اور 30 بوتلیں پوٹڈا شراب برآمد کر لی پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے ہیں اس موقع پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ نوجوان نسل میں منشیات کا زہر انڈیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں منشیات کا دھندہ کرنیوالوں کو آہنی ہاتھوں سے کچلا جائے گا

فوج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لئے پریس کلب جھنگ اور یونین آف جرنلسٹس کی ریلی

پریس کلب سے نکالی جانے والی ریلی کی قیادت یونین آف جرنلسٹس کے صدر شریف طاہر اور سیکرٹری پریس کلب خرم سعید نے کی

جھنگ (بیورو رپورٹ) پاک بھارت حالیہ کشیدگی کے تناظر میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لئے پریس کلب جھنگ اور یونین آف جرنلسٹس جھنگ کے زیر اہتمام ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ پریس کلب سے نکالی جانے والی ریلی کی قیادت یونین آف جرنلسٹس کے صدر شریف طاہر اور سیکرٹری پریس کلب خرم سعید نے کی جبکہ بڑی تعداد میں الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں نے ریلی میں شرکت کی۔ اس موقع پر ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے صدر یونین آف جرنلسٹس شریف طاہر نے کہا کہ بزدل دشمن بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان کی سویلین آبادی پر حملہ کر کے پاکستان کی سالمیت کو للکارا جس کے جواب میں افواج پاکستان نے دشمن کو فوری منہ توڑ جواب دیا اور بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے نہ صرف ان کے تین رافیل طیاروں سمیت پانچ جنگی طیارے گرائے بلکہ بھارت کی متعدد چوکیاں بھی تباہ کیں۔ سیکرٹری پریس کلب خرم سعید نے کہا کہ جھنگ کے صحافی اپنی افواج سے بھرپور اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور اس عزم کا اظہار کرتے ہیں کہ ملکی دفاع کے لئے جب بھی افواج پاکستان اور ملکی اداروں کو ضرورت پڑی تو صحافی ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے

گوجرانوالہ میں زیر تعمیر امتحانی ہال کے منصوبے کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس

اجلاس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر آرکیٹیکچر گوجرانوالہ ڈویژن دانش احسن، ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگز (ون) گوجرانوالہ ڈویژن عبیدالرحمن و دیگر بورڈ آفیسرز نے شمولیت کی

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ میں زیر تعمیر امتحانی ہال کے منصوبے کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کمشنر/چیئرمین بورڈ سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر آرکیٹیکچر گوجرانوالہ ڈویژن دانش احسن، ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگز (ون) گوجرانوالہ ڈویژن عبیدالرحمن و دیگر بورڈ آفیسرز نے شمولیت کی۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نے بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کو امتحانی ہال کی تعمیر جلد مکمل کرنے بارے بھی ہدایات دیں۔ اس موقع پر سیکرٹری بورڈ، رشید احمد بھٹی اور کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد احتشام جان بٹ و دیگر بورڈ آفیسرز بھی اُن کے ہمراہ تھے۔

اور منصوبے کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانا تھا۔ اجلاس میں منصوبہ سے متعلق پیشرفت کی تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی جس پر کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کو تعمیراتی قوانین اور حفاظتی اصولوں کی مکمل پاسداری، تعمیراتی سامان کی بروقت فراہمی اور کوالٹی میٹریل استعمال کرنے بارے ہدایات جاری کیں۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نے بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کو امتحانی ہال کی تعمیر جلد مکمل کرنے بارے بھی ہدایات دیں۔ اس موقع پر سیکرٹری بورڈ، رشید احمد بھٹی اور کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد احتشام جان نے بتایا کہ اجلاس کا مقصد عمارت کی موجودہ تعمیراتی صورتحال کا جائزہ لینا، درپیش مسائل کی نشاندہی کرنا

کمشنر سید نوید حیدر شیرازی سے قاری محمد سلیم زاہد کی ملاقات

ملاقات کے دوران ملک کی موجودہ صورتحال اور پاک بھارت کشیدگی کے پس منظر میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی پر تبادلہ خیال کیا گیا

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی سے صوبائی رہنما علما و مشائخ مسلم لیگ ق، قاری محمد سلیم زاہد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی موجودہ صورتحال اور پاک بھارت کشیدگی کے پس منظر میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی پر تبادلہ خیال کیا گیا قاری محمد سلیم زاہد نے اس موقع پر پاک فوج کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعرات 8 مئی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات ٹیک بیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر لکھ کھلے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تجربہ 1

طیاروں کو تب گرایا گیا جب انہوں نے پاکستان پر حملہ کیا، انہوں نے کہا کہ بھارت نے غلط فہمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان میں مساجد کو نشانہ بنایا لیکن قوم پر بھروسہ ہے کہ مسلح افواج نے دشمن کو پسپا کر دیا ہے، پھر پور جواب دیا، ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاک فضائیہ نے 5 طیاروں کو گرایا جن میں سے 3 بھارت کے اور 2 افغانستان کے تھے، ایک کو 29 منٹ کے اندر گرایا گیا، ڈیفنس جنرل شریف چودھری نے کہا کہ بھارتی حملے کے وقت پاکستانی فضائی حدود میں 57 طیارے موجود تھے، بھارت نے کئی ملکوں کے طیروں پر نرغیوں کو خطرے میں ڈالا، ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ بھارت نے تمام ہیلم پائلٹ ورد پاکستان کو نقصان پہنچایا اور پائلٹ ورد پکڑے گئے ہیں، ناقابل قبول اور خطرناک ہے۔

تجربہ 2

پاکستان کی خودکاری کی قوتوں کی ہے۔ صدر نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج اپنے ماردوں کے ایک ایک انچ کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار اور اہل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے ناقابل اقدامات کے جواب شدید اور فیصلہ کن ہوں گے، وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی خودکاری کی صلاحیت کا اصل چہرہ 29 اپریل کو دنیا کے سامنے آئے گا، ڈرون حملے ناکام کر دیے گئے، ڈیفنس جنرل شریف چودھری نے کہا کہ بھارتی حملے کے وقت پاکستانی فضائی حدود میں 57 طیارے موجود تھے، بھارت نے کئی ملکوں کے طیروں پر نرغیوں کو خطرے میں ڈالا، ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ بھارت نے 5 طیاروں کو گرایا جن میں سے 3 بھارت کے اور 2 افغانستان کے تھے، ایک کو 29 منٹ کے اندر گرایا گیا

ہسپتالوں میں جان بچانے والی ادویات کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے، عظمت محمود

چیف سیکرٹری کی صوبائی محکمہ کو ''وار ایبک'' کے حوالے سے تمام انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت

ہسپتالوں میں جان بچانے والی ادویات کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے، ہسپتالوں کے بلڈ بنکس میں خون کے سٹاک کو یقینی بنایا جائے

محکمہ داخلہ، آئی اینڈ پی میں کنٹرول رومز 24 گھنٹے کام کریں گے، محکمے کسی بھی قسم کی رہنمائی کیلئے محکمہ داخلہ سے رابطہ کریں، زاہد اختر زمان

چیف سیکرٹری کا آئی جی ڈاکٹر عثمان انور کے ہمراہ محکمہ داخلہ کے مرکزی کنٹرول روم کا دورہ، صوبہ بھر کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر ڈاکٹرز کی چھٹیاں بھی منسوخ کر دی ہیں، سیکرٹری صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود خان کی زیرصدارت اپنے دفتر میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ ڈاکٹر محمود رحمانی اور ڈائریکٹر ایمرجنسی سروسز ہیلتھ ڈاکٹر یاسر ارشاد، ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ ڈاکٹر ذوالفقار علی سومرو، ڈپٹی سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود خان نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پیش نظر ہسپتالوں میں ملکی سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ حفاظتی اقدامات کے پیش نظر ہسپتالوں کو وارلرٹ کر دیا گیا ہے۔ ہسپتالوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



لاہور: سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود خان اپنے دفتر میں موجود ملکی حالات کے پیش نظر اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جنگ بھارت نے شروع کی اب ختم ہم کریں گے، عظمیٰ بخاری

پاکستان کو اپنے ایک ایک بے گناہ شہید کا بدلا لینا آتا ہے، ہم نے دشمن کی جارحیت کا جواب سود سمیت ادا کیا، بیان

افواج پاکستان نے ہمیشہ ملک کے چپے چپے کی حفاظت کی، پاکستان کو اپنے ایک ایک بے گناہ شہید کا بدلا لینا آتا ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ جنگ بھارت نے شروع کی اور اب ختم ہم کریں گے۔ عظمیٰ بخاری نے بھارت کے خلاف جارحیت کے جواب میں مسلح افواج کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ ملک کے چپے چپے کی حفاظت کی، پاکستان کو اپنے ایک ایک بے گناہ شہید کا بدلا لینا آتا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے استحکام پاکستان پارٹی کی ریلی کا انعقاد

ایم پی اے شعیب صدیقی، ملک زمان نصیب و دیگر رہنماؤں نے قیادت کی

پوری قوم یکجان ہو کر سپہ سالار اور پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے، ریلی سے خطاب

وطن کی محبت میں سرشار آئی پی پی میدان عمل میں اتر آئی، شعیب صدیقی

لاہور (خبر نگار) استحکام پاکستان پارٹی کی پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لئے نکالی گئی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی جنرل سیکرٹری و ممبر پنجاب اسمبلی شعیب صدیقی نے کہا ہے کہ پوری قوم پاک جاں ہو کر سپہ سالار اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وطن کی محبت میں سرشار آئی پی پی میدان عمل میں اتر آئی ہے۔ سینکڑوں شہریوں کی ریلی میں بڑی تعداد میں نوجوان شریک ہوئے۔ ریلی میں شہریوں نے ہاتھوں میں پاکستان کے جھنڈے اٹھا رکھے تھے اور ریلی سے پاک فوج زندہ باد، پاک افواج پائندہ باد کے نعرے لگائے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لئے استحکام پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ ریلی کی قیادت ایم پی اے شعیب صدیقی، ملک زمان نصیب و دیگر رہنما کر رہے ہیں

لاہور اور کراچی کی فضائی حدود بحال، نوٹم جاری

آپریشنل پابندیوں کے دوران ایئر آپریشن کو 48 گھنٹوں کے لیے معطل کیا گیا تھا

ایئر آپریشن 48 گھنٹوں کے لیے معطل کیا گیا تھا تاہم تمام تر فضائی حدود اب مکمل طور پر متاثر ہے۔ علاقائی صورتحال کے پیش نظر سارے فلائٹ آپریشن معطل کر دیا گیا ہے کہ وہ اپنی متعلقہ ایئر لائنز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ایئر پورس اتھارٹی نے لاہور اور کراچی کی فضائی حدود بحال کر دی۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی پاکستان نے نوٹم جاری کر دیا۔ نوٹم کے مطابق آپریشنل پابندیوں کے دوران ایئر آپریشن 48 گھنٹوں کے لیے معطل کیا گیا تھا۔



رحیم یار خان؛ موٹروے پر مسافر بس اور ٹرالر میں تصادم، 8 افراد جاں بحق

مسافر بس کراچی سے راولپنڈی جارہی تھی، حادثہ شدید دھند کے باعث پیش آیا

رحیم یار خان (این این آئی) موٹروے پر ٹریفک حادثے میں خواتین اور بچوں سمیت 8 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق موٹروے ایم 5 کیلومیٹر گڈو انٹرچینج کے قریب مسافر بس اور ٹرالر میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 8 افراد جاں بحق اور 10 شدید زخمی ہوئے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ زخمیوں اور زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال صادق آباد منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

سعودی فضائیہ کی ترکیہ میں مشترکہ مشقوں میں شرکت

عقاناتا تولین 2025 میں شرکت

ریاض، انقرہ (این این آئی) سعودی رائل ایئر فورس کے دستے مشترکہ جنگی مشقوں میں شرکت کے لیے ترکیہ پہنچ گئے۔ عرب ملی وی کے مطابق سعودی فضائیہ ترکیہ اور دیگر دوست و برادر ملکوں کی فورسز کے ساتھ مشترکہ مشق عقاناتا تولین 2025 میں شرکت کررہی ہے۔ وزارت دفاع کا کہنا تھا کہ سعودی رائل ایئر فورس کے ڈیلٹا کمانڈر میجر جنرل پائلٹ طلال الغامدی نے مشقوں میں شرکت کرنے والے دستوں کی نگرانی کی۔ فضائی مشقیں جو کہ جنگی حکمت عملی اور ریسکیو پر مشتمل ہیں میں سعودی فضائیہ و خصوصی نبکی ہیلی کاپٹروں کو گرکے پورے کریو کے ساتھ شرکت کررہی ہے۔

پوری قوم دفاع وطن کیلئے افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شیخ نعیم طاہر

پاکستان فوج نے ثابت کیا بھارت کی ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں

سرگودھا (این این آئی) مرکزی اتحاد العلما ضلع سرگودھا کے کنوینر اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے بھارت کے بزدلانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے بھارت کو منہ توڑ جواب دینے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پوری قوم دفاع وطن کیلئے افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے پاکستان کے 2 کامیاب میزائل تجربات خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا دفاع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)



گوجرہ: بھارتی جارحیت کیخلاف اور پاک افواج سے اظہار یکجہتی کے لئے وکلاء برادری کی طرف سے ریلی نکالی جارہی ہے

رحیم یار خان؛ موٹروے پر مسافر بس اور ٹرالر میں تصادم، 8 افراد جاں بحق

مسافر بس کراچی سے راولپنڈی جارہی تھی، حادثہ شدید دھند کے باعث پیش آیا

رحیم یار خان (این این آئی) موٹروے پر ٹریفک حادثے میں خواتین اور بچوں سمیت 8 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق موٹروے ایم 5 کیلومیٹر گڈو انٹرچینج کے قریب مسافر بس اور ٹرالر میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 8 افراد جاں بحق اور 10 شدید زخمی ہوئے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ زخمیوں اور زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال صادق آباد منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

سینیٹر پروفیسر علامہ ساجد میر کشمیر کا پرایک موثر آواز تھے، مشعال ملک

پاکستانی قوم اور فوج بھی ہمارے ساتھ کھڑی ہے اٹیرا کو ہماری اس خاموشی کو کمزوری ہرگز نہیں سمجھنا چاہیے

عبدالحکیم (این این آئی) چیئرمین یوتھ اینڈ فیملی اور کشمیری حریت پسند اہلبیا مسیں ملک کے اہلبیا مشعال ملک کا مرکز اہل حدیث روڈ کا دورہ، سینئر پروفیسر ساجد میر کی وفات پر اظہار تعزیت اور میڈیا سے گفتگو، مشعال ملک نے تاجکستان امیر مولانا فضل محمد اعتراب، علامہ مقصوم الجی طیبہ، سفیقیق الرحمٰن شاد، محمد علی درانی سے ملاقات کی امیر مرکزیہ پروفیسر حافظ علامہ ساجد میر کی وفات پر اظہار تعزیت اور میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

فلسطینی امور کا دفتر بیت المقدس میں موجود امریکی سفارتخانے میں ضم

فلسطینیوں سے متعلق امریکی پالیسی میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ متصفیہ بیت المقدس میں فلسطینی امور کے لئے تمام دفتر مکمل طور پر امریکی سفارتخانے میں ضم کر دیا گیا ہے۔ عرب ملی وی کے مطابق یہ فیصلہ ظاہر ایک انتظامی اقدام ہے، تاہم اس کے سیاسی اثرات اور اس سے اسرائیل کی حمایت واضح دکھائی دیتی ہے۔ محکمہ خارجہ کی ترجمان ناٹ پرائس نے تصدیق کی کہ وزیر خارجہ مارکو روبیو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

بھارت کا خطے کا تھانیدار بننے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا، مریم

بھارت نے پہلگام واقعہ پر جو جھوٹی کہانی گھڑی تھی اسے دنیا میں کسی نے تسلیم نہیں کیا، سینئر رہنما پی ٹی آئی

پہلگام واقعہ کی جھوٹی کہانی پر خفت مٹانے کیلئے بھارت نے انتہائی اقدام اٹھایا، جس کا اسے حساب دینا ہوگا، بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مریم جمشید چیمہ نے بھارت کی جانب سے رات کی تاریکی میں پاکستان کے علاقوں پر نشانہ بنانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کے ٹینکے کا تھانیدار بننے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا، پاکستانی قوم پائیدار اتحاد سے بھارت کو منہ توڑ جواب دے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت نے پہلگام واقعہ پر جو جھوٹی کہانی گھڑی تھی اسے دنیا میں کسی نے تسلیم نہیں کیا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)



بھارتی فریق کو خبردار کیا گیا کہ اس طرح کے لاپرواہی سے علاقائی امن و استحکام کو شدید خطرہ لاحق ہے، دفتر خارجہ

اس طرح کے اقدامات اقوام متحدہ کے چارٹر، بین الاقوامی قانون اور بین ریاستی تعلقات کو کنٹرول کرنے والے قائم کردہ اصولوں کے منافی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی ناظم الامور کو دفتر خارجہ طلب کرکے بھارتی حملوں پر شدید احتجاج ریکارڈ کرایا گیا۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق بھارتی ناظم الامور کو بدھ کے روز دفتر خارجہ طلب کیا گیا جہاں انہیں پاکستان کی سنگین تشویش سے آگاہ کیا گیا کہ پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر میں متعدد مقامات پر بلااشتعال بھارتی حملوں پر پاکستان کا شدید احتجاج ریکارڈ کیا جائے۔ بھارتی ناظم الامور کو بدھ کی صبح وزارت خارجہ میں طلب کیا گیا کہ پاکستان آزاد جموں و کشمیر میں متعدد خواتین اور بچوں سمیت شہری ہلاک اور زخمی ہوئے۔ بیان میں کہا گیا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)



لاہور: چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی جارہی ہے

بھارت اور پاکستان کشیدگی سے گریز کریں، کشیدگی سے علاقائی و عالمی امن کو خطرہ ہوسکتا ہے، امارات و دیگر خارجہ

ابوظہبی (این این آئی) امارتی وزیر خارجہ شیخ عبداللہ نے کہا ہے کہ بھارت اور پاکستان کشیدگی سے گریز کریں، کشیدگی سے علاقائی و عالمی امن کو خطرہ ہو سکتا ہے۔ اپنے بیان میں امارتی وزیر خارجہ نے کہا کہ بات چیت اور افہام و تفہیم پر زور دینا ضروری ہے۔ واضح رہے کہ بدھ کو بھارت نے پاکستان پر بلااشتعال جارحیت کے مقصد سے لوگوں کو ہلاک کیا۔ بھارت کے 5 جنگی طیارے، ریپڈ فیڈ میزائل اور ایٹالین ہیڈ کوارٹرز تباہ کرنے کے دعوے کیے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

پاک بھارت جھڑپیں، عالمی منڈی میں خام تیل اور گیس کی قیمت میں اضافہ

خام تیل کی قیمت میں ایک فیصد تک اضافہ ہوا اور گیس کی قیمتیں 2 فیصد بڑھ گئیں، رپورٹس

اسلام آباد (این این آئی) پاک بھارت جھڑپوں کے باعث عالمی منڈی میں گزشتہ روز خام تیل کی قیمت 62 ڈالر/52 سینٹس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

پاکستانی شہریوں نے بھارتی حملے کا آنکھوں دیکھا احوال بتادیا

پہلے ایک پھر تین اور دھماکے سنے، اچانک ڈرون محسوس ہوا، گلی گھروں سے ٹکرا آئے

بہاولپور، مریدکے (این این آئی) بھارتی فوج نے رات کی تاریکی میں پاکستان کے علاقوں پر حملے کرتے ہوئے آزاد کشمیر کے علاقوں کوٹلی، مظفر آباد اور باغ کے علاوہ مریدکے اور احمد پور شرقیہ میں شہری آبادی کو نشانہ بنایا۔ مریدکے کے نواحی علاقے تنگلی سادہاں کے رہائشیوں کا کہنا ہے کہ بھارت نے مقامی مسجد اور مدرسے کے بعد دیگر چار جگہ کو نشانہ بنایا۔ مقامی شہریوں نے بتایا کہ بھارتی فوج کے طیاروں نے پہلے ایک پھر تین اور دھماکے سنے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)



پاکستان کے منہ توڑ جواب پر بھارت بوکھلا گیا، عرب دنیا سے کشیدگی کم کرانے کیلئے بھاگ دوڑ شروع کردی

اسلام آباد (این این آئی) بھارت پر بزدلانہ حملے اور پاکستان کی جانب سے منہ توڑ جواب کے بعد بوکھلا گیا، عرب دنیا سے کشیدگی کم کرانے کیلئے بھاگ دوڑ شروع کردی۔ ملائی ذرائع کے مطابق بھارتی حکام نے عرب دنیا کے حکمرانوں سے رابطہ کیا ہے اور درخواست کی ہے کہ عرب حکمران خصوصاً امارتی حکام کشیدگی کم کرائیں۔ ملائی ذرائع کے مطابق بھارت نے عرب دنیا سے پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

بھارت کا بزدلانہ حملہ، پاکستانی ایئر سپیس بند، تمام پروازیں منسوخ

لاہور (این این آئی) بھارت کے بزدلانہ حملے کے بعد پاکستان کی ایئر سپیس کو بند کر دیا گیا اور تمام پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ایئر سپیس کو 48 گھنٹے کے لئے بند کر کے یا قاعدہ نوٹم بھی جاری کر دیا گیا۔ ایوی ایشن ذرائع نے بتایا کہ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے فلائٹ آپریشن تاحکم معطل کیا گیا، لاہور ایئرپورٹ پر بھی فلائٹ آپریشن معطل کر دیا گیا۔ قطر، دبئی، بحرین، کویت، ریاض سمیت 25 سے زائد پروازیں منسوخ ہوگئیں، ترجمان پی آئی اے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

بھارت کا پاکستانی سلیبٹ پر کیا جانے والا

بزدلانہ حملہ قابل مذمت ڈاکٹر تیمور اطارق

لاہور (این این آئی) بھارت کی جانب سے رات کی تاریکی میں پاکستان کی سلیبٹ پر کیا جانے والا بزدلانہ حملہ قابل مذمت اور خطے میں امن کے خلاف بدترین کارروائی ہے۔ مطلع خواتین جماعت اسلامی پاکستان کی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر تیمور اطارق نے اکھنڈ بھارت کی کھلی جارحیت پر اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان نہ صرف ایک ایٹمی طاقت ہے بلکہ ایک زندہ قوم بھی ہے، جس کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

بھارت اور پاکستان کشیدگی سے گریز کریں، کشیدگی سے علاقائی و عالمی امن کو خطرہ ہوسکتا ہے، امارات و دیگر خارجہ

ابوظہبی (این این آئی) امارتی وزیر خارجہ شیخ عبداللہ نے کہا ہے کہ بھارت اور پاکستان کشیدگی سے گریز کریں، کشیدگی سے علاقائی و عالمی امن کو خطرہ ہو سکتا ہے۔ اپنے بیان میں امارتی وزیر خارجہ نے کہا کہ بات چیت اور افہام و تفہیم پر زور دینا ضروری ہے۔ واضح رہے کہ بدھ کو بھارت نے پاکستان پر بلااشتعال جارحیت کے مقصد سے لوگوں کو ہلاک کیا۔ بھارت کے 5 جنگی طیارے، ریپڈ فیڈ میزائل اور ایٹالین ہیڈ کوارٹرز تباہ کرنے کے دعوے کیے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

پاک بھارت جھڑپیں، عالمی منڈی میں خام تیل اور گیس کی قیمت میں اضافہ

خام تیل کی قیمت میں ایک فیصد تک اضافہ ہوا اور گیس کی قیمتیں 2 فیصد بڑھ گئیں، رپورٹس

اسلام آباد (این این آئی) پاک بھارت جھڑپوں کے باعث عالمی منڈی میں گزشتہ روز خام تیل کی قیمت 62 ڈالر/52 سینٹس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

ملکی دفاع کیلئے افواج پاکستان کے ساتھ ہیں، علی امین گنڈاپور

امن کا صوبائی کمیٹی کے جذبے کے تحت وفاق سے تعاون کیلئے تیار ہیں، وزیراعلیٰ کے پی کے کا بیان

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ بھارت کی جانب سے کی گئی بزدلانہ کارروائی کے بعد خیبر پختونخوا ملکی افواج کے ساتھ کھڑا ہے۔ بھارت کی جانب سے بزدلانہ حملے کے بعد صوبائی کمیٹی برائے امن کا اجلاس ہوا، اجلاس میں بھارت کی جانب سے بزدلانہ حملے کی مذمت کی گئی۔ اجلاس میں 8 پاکستانی شہید، 35 زخمی ہونے کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی کابینہ کے ارکان، اعلیٰ سول و عسکری حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں بھارت کی جانب سے بزدلانہ حملے کی مذمت کی گئی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)





پاکستان نے کوئی مرتبہ کیا کہ پہلگام واقعے سے متعلق شواہد دیں، کوئی جواب نہیں آیا، جرمان پاک فوج

ریاولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان نے بھارت کو کئی مرتبہ کہا کہ پہلگام واقعے سے متعلق شواہد دیں لیکن کوئی جواب نہیں آیا۔ امریکی نشریاتی ادارے سے بات چیت میں انہوں نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

ایئر اٹلیا نے سرینگر سمیت آٹھ مقامات کے لیے پروازیں منسوخ کردیں، متعدد ایئرپورٹ تاحکم ثانی بند

نئی دہلی (این این آئی) موجودہ صورتحال کے پیش نظر ایئر اٹلیا نے ہوں، سری نگر، لیہ، جودھ پور، امرتسر، بھوپال، جام نگر، چندی گڑھ اور بلکوٹ کے لیے اپنی تمام پروازیں 7 مئی کی دوپہر 12 بجے تک منسوخ کر دی ہیں۔ ایئر لائن کے مطابق امرتسر جانے والی دو دیگر پروازوں کو بھی اطلاع دے دی گئی ہے۔ ایئر لائن کے مطابق ان تمام پروازوں کو منسوخ کرنے کا فیصلہ ایئر لائن کے ایک ہائیڈ روگرافک سسٹم کے ایک ہائیڈ روگرافک پروفیشنل کی جانب سے کیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

امریکا اور حوثیوں کے درمیان جنگ بندی کا اعلان

معاہدہ خطے میں پائیدار امن، انصاف اور خوشحالی کی بنیاد رکھے گا، اومانی وزیر خارجہ

مسقط (این این آئی) سلطنت اومان نے اعلان کیا ہے کہ اس کی ثالثی کے نتیجے میں امریکا اور یمنی حوثیوں کے درمیان جنگ بندی پر اتفاق ہوگیا ہے۔ اس اہم پیش رفت کا مقصد خطے میں جنگی کارروائیوں کو روکنا اور علاقائی کشیدگی کو کم کرنا ہے۔ عرب ملی وی کے مطابق یہ اعلان اومان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ جاری رہنے والی تخفیف پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)



ایئر انڈیا طیارہ حادثہ، تحقیقاتی رپورٹ میں پائلٹس کو کلین چٹ

چیف ایڈیٹر	میاں محمد شاہد
چیف ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر ڈائریکٹر ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہزاد میاں
لیگل ایڈوائزر	ایڈووکیٹ سید سبطین بخاری

پبلشر، انچارج یوسف نے تجارت پریس 2 چھپوا کر 14 ایبن روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 تا 5 ایبن پلازہ 8 ایبن روڈ لاہور



پشاور: فروٹ منڈی میں ایک دوکاندار کا گاہکوں کو ہتھوڑے کرنے کیلئے اسٹریبی سجا رہا ہے